تحریک وتواریخ
پوگلی زبان وادب
اور
کلامِ مشتاقؔ پوگلی

مصنف :۔ عزیز مشتاقؔ پوگلی

تحریک وتواریخ

پوگلی زبان وادَب

اور

کلام مشتاق پوگلی

اِشاعت سال : ماہ اپریل 2021ء

نام کتاب : تحریک وتواریخ پوگلی زبان وادب
اور کلام مشتاق پوگلی۔

مصنف : عزیز مشتاقؔ پوگلی

سرِ ورق : عبدالخالق گنائی۔ ایم اے بی ایڈ

ترتیب کار : طارق فاروق کٹوچ

کمپیوٹر کمپوزنگ : عبدالرشید گنائی۔ شاہ آباد باہو فورٹ جموں۔

چھاپ خانہ : روہنی آفسیٹ پرنٹرز رہاڑی جموں

تعداد صفحات : 580

تعداد کتاب : 500

قیمت: 800

ملنے کا پتہ : ا۔ مشتاق پورہ پوگل

۲۔ امام آباد مشتاق چوک رام بن

پبلشر : عبدالعزیز مشتاقؔ پوگلی (مشتاق پورہ پوگل)

فہرست مضامین

تحریک وتواریخ پوگلی زبان وادب

عبدالخالق مالیگامی، حال رام بن

جموں وکشمیر کی حسین ورنگین اور مردم خیز تحصیل جس کا نام پوگل پرستان ہے، جموں اور سرینگر سے سوا سو کلو میٹر کی مسافت پر واقع ہے، نندی مرگ اور ہنس راج کا کوہ پیمائی سِلسلہ اِس کو کشمیر سے الگ کرتا ہے۔ اور اِن ہی پُر اسرار کوہستانوں اور گھنے جنگلوں کے دامن میں پوگل پرستان کی تحصیل آباد ہتے۔ یہ علاقہ رنگینیوں، رعنائیوں اور روح پرور و دِلکش مناظر سے بھر پور قدرت کی نیرنگیوں کا حسین مرقع ہے۔ یہاں تھکی ہوئی طبیعت میں بشاشت اور پژمردہ دلوں میں حرارت پیدا ہوتی ہے۔ یہاں کے پہاڑ قدرتی خودرو پھولوں سے لدے، جڑی بوٹیوں سے بھرے اپنے دامن میں گھنے جنگل، سرسبز میدا، ہری بھری وادیاں، شاندار مرغزار، ترنم خیز جھرنے، گنگناتے آب شار سموئے، سروں پر برف کی سفید ٹوپیاں پہنے، رنگین، دِلچسپ روح افزا اور دِلکش و پُر لطف نظارہ پیش کرتے ہیں۔ اِن کوہساروں سے ناگن کی طرح بل کھاتی سرکتی پانی کی صاف وشفاف ندیاں، ٹھنڈے پانی کے اُبلتے چشمے، جھومتی گھٹائیں، پُرفیض فِضائیں، صبح کے وقت شبنم کے قطروں پر چمکتی دمکتی سورج کی کرنیں، پُرلطف بادِ صبا کس قدر فرحت بخشتی ہیں۔ جنگلوں میں مختلف جانوروں کی آوازیں اور رنگا رنگ پرندوں کی بولیاں اِنسان کو محوِ حیرت کرتی ہیں۔ ہنس راج کے دامن مالن سر کی ایک خوبصورت جھیل اور دِلکش میدان سے جس کو دیکھنے کے لئے ہزاروں آدمی آتے

ہیں۔ راقم کو سراز میں کشتواڑ کا تاریخ سے دِلچسپی رکھنے والا ایک آدمی مِلا جس نے اِس جھیل اور ہنسراج پہاڑ سے متعلق عجب انکشاف کیا اُنہوں نے کہا ککہ پوگل پرستان کشتواڑ کے راجواڑے میں شامل تھا اور کشمیر۔ سے حملہ آور آئے اُن کے مقابلے کے لئے راجا نے اپنا بیٹا کنور ہنسراج بھیجا جو لڑائی کے دوران اِسی مقام پر مارا گیا اُس کے نام پر اِس پہاڑ کا نام ہنسراج رکھا گیا اور اس کے بعد اِس کی ماں اِس مقام کو دیکھنے آئی اور یہ تالاب بنوایا۔ اور اِس کا نام مالن سر یعنی ماں کا تالاب رکھا گیا صحیح مورخ ہی بتا سکتے ہیں ممکن ہے یہ ایک مفروضہ ہو۔ پرانے لوگ یہاں کی بستیوں کے متعلق مافوق الفطرت اور محیر العقول کہانیاں اور داستانیں سُناتے تھے۔ کہ یہ پریوں ،جِنوں ،دیوی دیوتاؤں کا دیس تھا۔ بعد میں آبادی اِنسانوں کی آنے سے اُنہوں نے پہاڑوں کے غاروں اور تنہائیوں میں ٹھکانہ بنایا۔ اِسی لئے اِس کو پوگل پرستان یعنی پریوں کا دیس کہتے تھے۔۔

پوگل پرستان زمانۂ قدیم سے تہذیب وتمدن، علم وادَب کا گہوارہ رہا ہے۔ اِس مردم خیز زمین نے عہدِ پارینہ سے بڑے ادباً ،فضلاً ،علماً ،صوفیوں ،درویشوں ،قلندروں ،سنتوں ، دانشوروں ،مسوروں ،خطاطوں، انشا پر دازوں ، قلمکاروں، موسیقاروں، سخنوروں ، سیاستدانوں، ،قانون دانوں ،قدآور رہنماؤں اور سر برآوردہ شخصیتوں کو جنم دیا ہے۔ اور جِن کی صنوفشانی سے پورا علاقہ فیضیاب ہوتا ہے اور یہ سِلسلہ تا ہنوز جاری وساری ہے۔ تمام پوگلی بولنے کا تعلق ہند آریائی شاخ کے کھاشا راجپوت قبیلے سے ہے۔، جو بڑے بہادر دلیر اور جنگجو تھے۔ جب اُن کا دائرہ تنگ ہوا تو وہ راجستھان اور دوسرے علاقوں سے ہجرت پر مجبور ہوئے

۔اُن کا کا لڑائی کرنا ور اپنے قبیلے کی حفاظت کرنا ہوتا تھا۔اُس وقت سڑک اور آمد رافت کے ذرایع نہ تھے اِس لئے اُنہوں نے پہاڑوں کا رُخ کیا۔اُنہوں نے اپنی شناخت برقرار رکھنے کے لئے اپنے ساتھ رسم ورواج، رہن سہن کے طریقے ،صبعت وحرفت ،تہذیب وثقافت ،اپنی ذات پات اور زبان برقرار رکھی۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ وقت کیت گذرنے اور دوسری زبانوں کے میل جول سے اصل زبان میں ملاوٹ ضرور ہوتی ہے۔اور تھوڑی تبدیلی ہوتی ہے۔ چنانچہ جو قبیلہ جس جگہ آباد ہوا، اُس نے اُس جگہ کا نام اپنے علاقے کے نام پر ہی رکھا چنانچہ جو راجستھان پوگل سے آئے اُنہوں نے یہاں کا نام پوگل رکھا اِسی طرح سے جو راجستھان سیراز یا راجگڑھ سے آیا اُس نے یہاں اپنے علاقے، جہاں آباد ہوا سیراز یا راجگڑھ رکھدیا۔ جو بھرت پور اور راز گڑھ سے آئے اور جن مقامات پر آباد ہوئے، اپنے ہی نام رکھے۔ابتدأمیں سب ہندوقومیت کے تھے وقت گذرنے کے ساتھ اِن میں سے کچھ مشرف بہ اسلام ہوئے۔لیکن بھائی چارہ، رسم ورواج، ثقافت وحرفت یکساں قائم رہی، مسلمان برائے نام تھے، دیوی دیوتاؤں اور متبرک جگھوں کو سب مانتے تھے۔ صرف چھ پشتوں سے ہی شاخیں الگ ہوئیں۔اب بھی یہ قومیں ایک دوسرے کو چاچا ماما وغیرہ کے آداب سے بولتے ہیں۔آپ ہی اندازہ کیجئے کہ دیو ہیرا کا جو کلدیوتا مندر سے اس کے سب ہندو مسلمان ماننے والے ہوتے تھے اور اِس کا پجاری (دیوالہ) رمضان بٹ ہوا کرتا تھا۔اور مندر پر چڑھانے والا بکرا حلال (ذبح) کیا جاتا تھا۔مالیگام تھنہ میں ایک باوَلی پراچین کال کی ہے جو پتھروں کی گھڑائی ہے اور نل بھی خوبصورتی سے پتھر کا بنا ہے۔اس کے قریب ایک مورتی بنی تھی (جس

کی طرف کچھ اِس طرح سے چیزیں چپکی ہوتی تھیں کہ بچپن میں ہم دیکھتے تھے کہ تروتازگی ہوا
کرتی تھیں لیکن تاریخ خاموش ہے) پرستان میں بھی ایسے بہت سے آثار ہیں جو وضاحت
طلب ہیں پرانی بستیوں کے آثار دُور دُور تک پہاڑوں اور جنگلوں میں دکھائی دیتے ہیں اِن
میں سے کچھ ڈینگ بھٹل میں رہے اور مُلملا کے ذریعے پہاڑوں میں وارد ہوئے چونکہ یہ جنگجو
قوم تھی انہوں نے مختلف راجواڑے بنائے اور پوگل کے راجے کا مسکن موجودہ کھاروان کا قلعہ
تھا اور یہ راجے اپنے علاقے کو وسعت دینے کیلئے آپس میں لڑتے تھے۔ یہاں کا راجہ قتل کر دیا
تھا اور لاش کو ناچلانہ کی طرف لے گئے۔ اِس کا سر دھڑ سے الگ کر لیا گیا تھا اور راجہ جے سنگھ کو
بصورت ثبوت لے جا رہے بیان کیا جاتا ہے۔ کہ ناچلانہ تک اُس کی آنکھیں حرکت میں تھیں۔
بہر حال یہ کشتواڑ کے راجواڑے میں شامل تھا اور اِس میں پوگل پرستان، نیل کھڑی سب شامل
تھا اور شیر بی بی کے پاس ایک پتھر ہے جو اِن کی مملکت کا نشان سمجھا جاتا ہے یہ راجے آپس میں
جنگ وجدل، قتل وغارت اور لوٹ مار کیا کرتے تھے۔

بیسویں صدی کے آغاز سے یہاں کے لوگ تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے۔
کھوڑہال سے مولوی احمد اللہ بالی حصولِ تعلیم کے لئے راولپنڈی اور لاہور پیدال گئے
وہاں اُنہوں نے دینی اور دُنیاوی علم حاصل کیا اور واپسی پر یہاں کے لوگوں کو علم کی دولت
سے بہرہ ور کیا۔ تب تک یہاں بدعات، شرک توہمات اور دیگر خرافات میں لوگو مصروف
تھے۔ نئ تعلیم دینے اور علم کی روشنی پھیلانے میں بڑی دِقتوں کا سامنا کرنا پڑا لوگ راسخ
العقیدہ تھے توہم پرست تھے، رسومات بد میں گرفتار تھے۔ اُنہوں نے علمأ کا ایک گروہ

تیار کیا۔ جن میں (۱) مولوی عبدالسبحان صاحب جو مولوی احمد اللہ کے بھانجے تھے (۲) عبدالسبحان شال جو مولوی صاحب کے خالہ زاد بھائی تھے۔ (۳) مولوی سخی محمد نائیک جو مولوی صاحب کے ماموں زاد بھائی تھے۔ (۴) مولوی محمد یوسف بالی جو مولوی صاحب کے بھتیجے تھے اور (۵) قاضی محمد رمضان صاحب جو علم سے فراغت کے بعد صاحب کشف وکمال تھے۔ مولوی عبدالسبحان صاحب نے ۱۹۲۶ء میں مالیگام میں کشفیہ مڈل سکول کی بنیاد ڈالی اور اساتذہ کرام کو لاہور، راولپنڈی، جموں وکشمیر اور ریاست سے باہر سے تعینات کرایا جہاں دینی اور دوسری مروجہ تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ اس سکول کی شاخیں نیل، پرستان، چملواس، کھڑی اور کشمیر میں بھی قائم ہوئیں۔ ۱۹۴۴ء میں چملواس کے محمد ایوب خان اِس ادارے کے ہیڈ ماسٹر تھے اور اِس سکول میں بلا امتیاز مذہب وملت، رنگ ونسل تعلیم حاصل کراتے رہے لیکن مُلک کی تقسیم کے وقت بُری طرح متاثر ہوا اور اِس کے فوراً بعد مولوی عبدالسبحان صاحب، قاضی محمد رمضان صاحب اور عبدالرحیم بالی صاحب یکے بعد دیگرے اِس دارِ فانی کو لبیک کہہ گئے۔ ۱۹۵۳ء میں مالیگام پرائمری سکول بنا۔

پوگل سکول:۔ یہ سکول ڈوگرہ دور میں ۱۹۲۳ء میں پرائمری سکول دیا گیا۔ یہ کوٹ سے ہوتا ہوا کھوڑ ہال بڑی مدت تک قائم رہا۔ قریباً مڈل سکول تک پہنچا۔ اور پھر اپر پوگل قریباً پچاس کی دہائی کے آغاز میں منتقل ہوا۔ اِس میں نامور اُساتذہ کرام نے کام کیا محی الدین روشن پہاڑی جو یہاں کی پوگلی زبان بھی سیکھ گئے تھے ۴۵-۱۹۴۴ء میں مشہور ومعروف ادیب وشاعر غلام مُصطفیٰ عشرت کشمیری جو کشتواڑ کے رہنے والے تھے جنہوں نے پوگل میں قیام کے دوران

تاریخ پوگل پرستان لکھی جو نایاب ہے۔ بعد میں وہ بی ڈی او ڈوڈہ اور اسمبلی کے ممبر بھی رہے۔
ستر کی دہائی میں جب میں اور عبدالرحمان رونیال صاحب اُردو روزنامہ ''سندیش'' اور ''سچ''
کی کتابت کرتے تو ادارت کے لئے دفتر آیا کرتے تھے۔ پوگل علاقے اور لوگوں کی مہمان
نوازی کی بڑی تعریف کیا کرتے تھے۔ اُن کو زبان اور بیاں پر قدورت حاصل تھی انہوں نے
تاریخ کشتواڑ بھی لکھی ہے۔ ممکن ہے اُس میں بھی پوگل کا ذکر ہو۔ پچاس کے بعد کچلو صاحب
کشتواڑ سے اور ہمارے دیوی داس ٹھاکر صاحب مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے اس کے بعد
۵۶-۱۹۵۵ء میں سکول کا چارج قابل قدر میرے اُستاد عبدالرشید خان صاحب مرحوم نے
بڑے تزک واحتشام سے لیا۔ اور جرائت مندانہ قدم اُٹھا کر اِس سکول کو اپنی ذمہ واری پر ہائی
سکول کی دہلیز پر کھڑا کیا۔ وہ حسن وجمال کے مالک ایک آتش بیاں مقرر تھے۔ اُنہوں نے
سکول کی تعمیرات کی بنیاد ڈالی اور اِس سلسلے میں اُن کی تنخواہ دو سال بند رہی۔ پوگل کی اُس
وقت مرکزی حیثیت تھی نیل، پرستان، رام سو بٹرو، تاجنہال سے لڑکے پڑھنے کے لئے پوگل
آیا کرتے تھے۔ پوگل کی ایک شان تھی، ایک رعب تھا، ایک دبدبہ تھا۔ غیرت تھی اتحاد واتفاق
تھا تعلیمی لحاظ سے رام بن بانہال میں چھا گیا تھا۔ لیکن ہماری کمزوری اور نا اتفاقی سے
مرکزیت کھوتا گیا۔ حقوق کی پائمالی ہوئی بینک، ڈاک خانہ، ہسپتال، کالج، تحصیل، بلاک وغیرہ
جو پوگل کا حق تھا سراسر محروم رہا۔ آپ ہی اندازہ کیجئے ہائی سکول سے ہائر سیکنڈری بننے تک
تریسٹھ (۶۳) برس لگ گئے جبکہ معمولی پرائمری سکول سیاسی پشت پناہی پر کالج کے درجے
تک پہنچ گئے اور ہمارے تمام حقوق سلب ہوئے۔ ارباب اختیار بھی اپنے تھے راہنما بھی اپنے

تھے۔۔سرگلی جو سیر وتفریح کا واحد مقام ہے اِس کو سٹیڈئم نہ بنا سکے، سیاحتی نقشے پر نہ لا سکے۔ اگر ہٹس بنائے جائیں تو سیاحوں کی دلچسپی کا مرکز بھی بن سکتا ہے۔لیکن جب تک سرکار ہوش میں آئے تک ہیت بدل چکی ہوگی۔

پوگلی زبان:۔ یہ زبان صدیوں پرانی ہے اور تاریخی کتب میں تحقیق شدہ زبان ہے۔اندرون ملک اور بیرون سے لِسانی ماہروں نے اِس کی تحقیق کی ہے۔اور جائزہ لیا ہے۔ بیسویں صدی کے آغاز میں گراہم بیلیے نے ناردرن ہمالین لینگویجز (شمالی ہمالیائی زبانوں) کی تحقیق میں اِس زبان پر تبصرہ کرتے ہوئے قواعد اور ضوابط بیان کئے اور اِن کے ہمعصر جارج گریرسن نے ''لنگوسٹک سروے آف انڈیا'' (ہندوستانی زبانوں کا لسانیاتی جائزہ) کے تحت تحقیقی جائزہ آٹھویں شیڈول کے دوسرے حصے میں کیا ہے۔اور اِس زبان کے قاعدوں اور صرف ونحو کے متعلق تفصیلی جائزہ لیا ہے۔ اِس بات کی اصلیت اور پیچیدگی کا اندازہ اِس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کی اہمیت اور افادیت پر تیس صفحے صرف کئے ہیں جبکہ اُردو زبان پر صرف دو صفحے رقم کئے ہیں۔ ماضی قریب میں پیٹر ٹک نے بھی اِس زبان کا جائزہ لیا اور اِس کے گرائمر صرف ونحو اور تلفظ پر تنقیدی جائزہ لیا ہے۔راج ترنگنی میں کلہن نے پوگل اور پوگلی زبان کا تذکرہ کیا ہے۔ کشمیری شعرأ نے پوگل اور پوگلی زبان سے متعلق لِکھا ہے غلام مصطفٰے عشرت کشمیری نے پوگل میں ملازمت میں قیام کے دوران تاریخ پوگل پرستان لِکھی تھی جو نایاب ہے۔گزیٹر آف جموں کشمیر لداخ میں بھی اِس زبان اور علاقے کا ذِکر مِلتا ہے۔ اِس کے بعد مرغوب بانہالی صاحب اور اُن کی صاحبزادی منیر فاطمہ نے بھی مقالے لکھے اور اِس

زبان کو کشمیری کی اصل شاخ قرار دیا ہے۔ ہمارے ایک نامور محقق محمد اقبال نیلوی نے بڑی محنتِ شاقہ اور عرق ریزی سے جدو جہد کر کے اِس زبان سے متعلق ''پوگلی زبان کا صوتیاتی نظام'' کے عنوان سے ایک کتاب مرتب کی ہے اور پوگلی زبان اور صوتیاتی نظام سے متعلق جامعہ اور مکمل بحث و تمحیص کی ہے۔ اور بہت سے پہلوؤں کو اُجاگر کیا ہے۔ یہ کتاب نہائت معنی خیز اور دلچسپ ہے۔

(نسانی عمل میں تحقیق اور تخلیق کے درمیان صدیوں کی مسافت درکار ہوتی ہے۔ جب زبان ارتقاءٗ کی ایسی منزل پر پہنچ جائے جہاں سوچ وفکر والا ذہن اپنی انمول صلاحیتوں سے اور محنت شاقہ سے ایسے منزل پر آ کر اپنے خیالات کا اظہار دوسروں تک پہنچانے میں کامیاب ہو جائے تب ادب کا تخلیقی تمام وجود میں آتا ہے)

پوگلی زبان میں فنون لطیفہ کا جمالیاتی پہلو زمانۂ قدیم سے چلا آ رہا ہے۔ پرانے زمانے میں جب تحریری سِلسلہ نہ تھا۔ پرانے لوگ مافوق الفطرت کہانیاں، پریوں، جنوں، دیوی دیوتاؤں کے محیر العقول افسانے وقصے سُنایا کرتے تھے۔ اور یہ قصے پشت در پشت اگلی نسلوں کو سُنایا کرتے تھے لیکن اِن قِصوں کو محفوظ نہ رکھ سکے۔ پرانے زمانے سے لوگ اپنے جذبات، احساسات، تخیلات کو گیتوں، نغموں، گھاتوں، یداکھ، چنوں، تڑکوں اور اونچی سُریلی آوازوں میں پہاڑوں اور جنگلوں میں سُنایا کرتے تھے۔ اور کبھی مرد وزن سوال وجواب بھی چنوں کے ذریعے سحر انگیز آواز میں سناتے تھے۔ اِس کے بعد پیر مشکور کپرن والے اور محی الدین روشن پہاڑی کے متعلق بھی کہا جاتا ہے کہ اُنھوں نے پوگلی

زبان میں شاعری کی ہے۔ مگر تحریری ثبوت ندارد۔

پوگلی زبان وادب کا تحریری مواد کا آغاز عبدالعزیز مشتاق پوگلی سے ہوتا ہے۔ یہ پوگلی زبان کے ایک کہنہ مشق تجربہ کار اور نامور شاعر وادیب ہیں۔ انہوں نے 1942ء میں ایک متوسط گھرانے محمد رمضان صاحب کے ہاں جنم لیا۔ کچلو صاحب، ڈی ڈی ٹھاکور، عبدالرشید خان، ماسٹر اودھم سنگھ، جگت رام وغیرہ سے پوگل سکول سے تلامذہ کیا۔ پڑھائی میں ذہین وفطین تھے۔ مڈل کلاسز سے ہی شاعری کا شوق تھا۔ قریباً ۱۹۶۰ء میں پوگل ہائی سکول سے میٹرک پاس کیا حسن وجمال اور بہترین چلا ڈھال کیساتھ اللہ نے عقل وشعور اور فہم وفراست سے بھی سرفراز کیا ہے۔ اُن کو اُردو، ہندی، انگریزی، کشمیری، ڈوگری، پنجابی زبانوں پر بھی عبور حاصل ہے۔ اور ہر زبان میں صنف شاعری کی کامیاب طبع آزمائی کی ہے۔ پوگلی زبان وادب کا بانی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ انہوں نے مادری زبان پوگلی میں درجنوں کتابیں مرتب کیں ہیں اور ہر خاص وعام کی پذیرائی دادِ تحسین حاصل ہوئی۔ کمال تو یہ ہے کہ اِن کا کلام مدرسوں میں صبح گاہی اسمبلی میں سُریلی آواز میں پڑھایا جاتا تھا۔ اور ایک دفعہ اِمناڑی کے اِمام صاحب نے خطبے کے دوران اور دعائیہ کلمات کے وقت مشتاق کی نعتیہ نظم اور دعائیہ اشعار پڑھے میں بھی مقتدیوں میں شامل تھا۔ یہ اتنے مقبول اور ہر دلعزیز شاعر ہیں۔ عین عنفوان شباب میں شوقیہ طور (منشی) ہماچل ڈلہوزی کسی فرم کے ساتھ کام پر گئے وہاں اُنہوں نے پوگلی، اُردو، کشمیری میں سخنوری کی خوب مشق کی بعد میں سرکاری سکول میں مدرس تعینات ہوئے اور اِس سلسلے میں ۱۹۶۲ تا ۱۹۶۷ء میں سنگلدان میں اِن کی شاعری پروان چڑھی۔ ۱۹۷۰ء میں

مشتاقؔ صاحب منظوم کتاب ''مئیں خیال'' منظر عام پر آئی جس پر حرف اول کی صورت میں الحاج محمد امین وانی صاحب کا تبصرہ دیکھنے کو ملتا ہے۔ اِس میں مختلف موضوعات کو نظم کیا گیا ہے اِس مختصر سے کتابچے میں زیادہ تر گیت شامل ہیں۔ انہوں تخلیقی سفر جاری رکھا اور بہتر پیش کش کی صورت میں دوسرا شعری مجموعہ ''مئیں کوہستان'' زیور طبع سے آراستہ کیا۔ جس میں عشرت کاشمیریؔ کے دو لفظ کے علاوہ بال کرشن چوہان اور راقم کے تعارفی کلمات بھی ہیں۔ فارسی کا مشہور مقالہ ہے۔ ''نقاش نقش ثانی خوشتر کشد زاول'' مشتاقؔ صاحب نے غیر زبانداں کی سہولیت کے لئے اِس میں بارہ نظموں کا اُردو ترجمہ بھی کیا ہے۔ پہلی کتاب کی نسبت اِس کی زیادہ پزیرائی حاصل ہوئی۔ ضخامت اور چھپائی کے لحاظ سے بھی بہتر ہے۔ شاعری میں دعائیہ کلمات اور رمانیت اور روایتی انداز بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔ ''مئیں کوہستان'' کی پزیرائی اور حوصلہ افزائی کے بعد مشتاق صاحب نے ۸۰ صفحات پر مشتمل تیسرا شعری مجموعہ ''ہرساوٗ پرستان'' زیور طبع سے آراستہ کیا۔ یہ 81-1980ء میں تصنیف ہوئی اور اِس کا ایک حصہ نثری ہے جس میں مصنف نے پوگل پرستان سے متعارف کرایا ہے۔ اور دیگر موضوعات کو بھی چھیڑا ہے اُن کا ادبی سفر سلسلہ وار جاری رہا۔ مشتاق صاحب ایک دیندار شخص ہیں، انہوں نے دو دفعہ سفر محمود کامیابی سے سر کیا۔ اور دینیات کے ماہر ہیں۔ اُس کے بعد کا طرز نگارش اسلامی اور مذہبی راہ سے زیادہ تر تعلق رکھتا ہے مثلاً 1980ء کے بعد ''محمدؐ اور اسلام'' صورۃ عم کا ترجمہ اور تفسیر شہلائی با ترجمہ و وضاحت سفر محمود نعتیہ کلام اور ہدائت وراہنمائی حجاج کرام کی سہولیت کے لئے لوگوں کے اصرار پر تصنیف کی اور پھر ''منظوماتِ شرواٗ'' ایک بہترین شاہکار ہے۔

جس میں ترجمہ اور تشریح بخوبی کی گئی ہے۔ مختلف دانشوروں، علماٗ، ادباٗ کے تاثرات قابل دید ہیں، علاقے کے قد آور شخصیت جناب مولوی عبدالرشید صاحب ڈپٹی سپیکر کے تاثرات بھی اِس میں شامل ہیں۔ کشمیری، اُردو، ڈوگری اور گوجری زبان میں سخنوری کے علاقہ پوگلی زبان کے مختلف لہجوں میں بھی کامیاب طبع آزمائی کی ہے۔ اور مختلف شاعروں اور ادبی محافل میں دادِ تحسین حاصل کی ہے۔ انہوں نے بڑی جدو جہد اور تگ دو کے بعد پوگلی بزمِ ادب رجسٹرڈ کرائی اور دو سال اس بزم کی صدر کی حیثیت پوگلی زبان میں مشاعرے منعقد کرائے۔ اور شعرأ کی حوصلہ افزائی کے طوع انعامات سے بھی نوازتے رہے۔ اُس وقت اُنہوں نے عبدالجبار منظورؔ پوگلی، ذوالفقار عبدالرشید رونیالا اور مولانا محمد اسماعیل اثریؔ کی مشاورت سے پوگلی بزمِ ادب تشکیل دی تھی جس سے زبان کو فروغ حاصل ہوا۔

۱۵ اگست ۲۰۱۵ء محترم فاروق شاہ بخاری ڈپٹی کمشنر رام بن جو تحریک بقائے اُردو کے ریاستی یونٹ کے صدر بھی ہیں نے یوم آزادی پر خصوصی ایوارڈ سے نوازا اور ابھی تک ادبی خدمات میں سرگرم ہیں سخنور کے علاوہ ایک بہترین مقرر اور خوش نوا موسیقار بھی ہیں۔ ادبی میدان میں مشتاق صاحب کو اولیت حاصل ہے۔ اِن کے ہمعصروں میں منظورؔ صاحب اور ذوالفقارؔ صاحب بھی صاحبِ کتاب ہیں ان کے بھی پوگلی زبان میں نثری اور شعری مجموعے شایع ہو چکے ہیں۔ محمد اسماعیل اثریؔ صاحب نے بھی پوگلی زبان میں طبع آزمائی بڑی دیر تک کی لیکن اپنے کلام کو زیور طبع سے نہ سنوار سکے۔ البتہ ''تاریخ پوگل پرستان'' کے نام سے ایک ضخیم کتاب مرتب کی۔ اِس کتاب میں بھی اسقام کی گنجائش

ہے عنوان کے ساتھ انصاف نہیں ہے۔ پوگل پرستان کی جغرافیائی اور تاریخی حدود سے تجاور کی ہے اور اہم شخصیات کی سوانح عمریوں اور کارہائے نمایاں پیش کرنے میں بخل سے کام لیا ہے۔ تاہم بڑی تگ ودو اور محنت شاقہ سے مواد جمع کیا ہے۔ اور تاریخ میں اپنا نام ثبت کیا ہے ناظرین کے لئے ایک عظیم تحفہ ہے۔ پوگلی زبان کے اب ان گنت ادیب وشاعر ہیں، عبدالروف راہیؔ، فردوس احمد گلبازؔ، عبدالطیف پروازؔ، حفیظ الرحمان شاہینؔ، بشیر احمد بشیر، محمد شفیق رونیال، غلام رسول شاہین، رئیس احمد بالی، عبدالرشید مخذوب، محمد یوسف خان، محمد اقبال کٹوچ، محمد حسین نائیک صاحب، غلام عباس صاحب عبدالطیف بُلبُل، غلام عباس مسرورؔ محمد اقبال نائیک نیلوی، ارشد جہانگیر مجروحؔ، فاروق احمد نادم صاحب۔ اِن میں سے محمد حسین نائیک صاحب غلام عباس صاحب عبدالطیف بُلبُل اور نادم صاحب صاحبِ کتاب ہیں ان کے شاعری مجموعے چھپ چُکے ہیں۔ اِس کے علاوہ رفیق احمد صاحب لیکچرر نے ماسٹر الف دین (مرحوم) کے نام سے ایک معلوماتی کتاب مرتب کی ہے۔ جو اہمیت اور افادیت کے لحاظ سے ہاتھوں ہاتھ بِک گئی، اِس کے علاوہ عبدالروف صاحب نے بھی ''روداد کوہستان'' کے نام سے ایک ادبی کتاب مرتب کی جس میں مختلف دانشوروں کے مضامین شامل ہیں اور جو کافی دلچسپ ہے۔ میں اگر اپنے ایک عزیز ساتھی کا ذکر نہ کروں تو بے انصافی ہوگی۔ اُن کا اسمِ گرامی عبدالرحمان رونیال مرحوم ہے وہ میرے قریبی ساتھی رہے ہیں وہ ذہانت ادب وفن کے لحاظ سے منفرد تھے اور بہت ہی خوبیوں صلاحیتوں اور اوصاف کے مالک تھے۔ وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے۔ اُنہوں نے درجہ اول میں

ایم اے کیا تھا۔ وہ قد آور زباندان تھے۔ اللہ نے اُنہیں سحر انگیز آواز سے سرفراز کیا تھا۔ وہ بہترین ادیب، بلند قامت موسیقار اور قابل قدر افسانہ نگار تھے کالج کے دوران اور اِس کے بعد پوگلی زبان میں خود غزلیں تیار کر کے بہترین ساز وسوز کیساتھ گایا کرتے تھے۔ اور افسانے بھی لِکھتے تھے اُنہوں نے ایک افسانہ شرنگل کے پتے کے نام سے لِکھا تھا جس میں محمود گدری کی داستان تھی۔ اُن کی غزلیں اور افسانے گم نامی کا شکار ہوئے وہ جموں سے ایک ہفتہ روزہ اخبار ''پرستان ٹائمز'' بھی نکالتے تھے۔ اِس کے علاوہ ایک بہترین خوش نویس تھے، کتب اور اخبارات کی کتابت کیا کرتے تھے۔ بدقسمتی سے عنفوان شباب میں ہی حادثے کا شکار ہوئے۔ اب بھی بہت سے ادبأ وشعرأ زبان کی خدمت میں لگے ہیں۔ کاش کہ پوگلی بزمِ ادب کی بازیافت ہوتی اور کارواں از سرنوراں دواں ہوتا۔ ادبأ حضرات پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ مادری زبان پوگلی کے فروغ وترقی ترویج کے لئے کام کریں اور جو بنیادیں شعرأ نے ڈالی ہیں اِن کو مضبوط کریں۔

نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر　　نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

نیاز کیش:

عبدالخالق مالیگام پوگل حال رام بن

نبذ زجناب الحاج عبدالعزیز مشتاقؔ صاحب

نام کتاب:۔ تحریک پوگل زبان وادب

مصنف:۔ حاجی مشتاق عبدالعزیز کٹوچ صاحب پوگلی

سندیں ضبط تحریر کی دِکھاتی ہیں راہیں کامیابیوں کی تابناک مستقبل کے پانے کو
دین اور دُنیا کی کامیابیوں کا راز مضمر ہے تحریری اسناد میں اِنسانیت کے پانے کو
خیالات وجذبات ضبط تحریر کے بخشنے میں شہرت دوام اِنسانوں کو
وگرناں تو بعد مرگ قریب کے بھی یاد کرتے ہیں عام انسانوں کو

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جو آیا پھر چلا گیا۔بس پھر رفتہ رفتہ اِس کے وجود کے نِشانات دِل ودماغ سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے مِٹ جاتے ہیں۔ اگر کوئی چیز اِس ہستی کو یاد کرائے تو وہ اِس کے کارنامے ہوا کرتے ہیں اور کارنامے بھی جو ضبطِ تحریر میں لاکر آنے والی نسلوں کیلئے ایک اثاثہ کی حیثیت رکھتے ہوں۔طویل تفصیل کا مقام نہیں ہے البتہ مختصراً جناب ولی محمد اسیر کشتواڑی صاحب کی کتاب ''کشیر تہٕ جمس منز کاشُر زبان وادب'' (تواریخ تہٕ تنقید) میں مصنف موصوف نے مشتاق صاحب کی مطبوعات پوگلی زبان میں شعر وشاعری کا تذکرہ تفصیل سے کیا ہے۔ اِس میں مشتاق صاحب کی پوگلی زبان میں لِکھی ہوئی نظمیں ،غزلیں ، مرثیے وغیرہ کا پورا پورا احوال دیکر پوگلی زبان وادب کو اُجاگر کیا ہے۔ اِن کی اِسی متذکرہ کتاب میں جناب عبدالخالق صاحب مالیگامی

اور بالکرشن چوہان ایم اے بی ایڈ نے بھی اپنے قلموں سے مشتاق صاحب کی کاوشوں کی سراہنا کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پوگل کے مایہ ناز سپوت شری مشتاق پوگلی مبارک بادی کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے اپنی نعمتوں وغزلوں کا ایک کتابچہ "میون خیال" کے نام سے چھپوا کر آنے والی نسلوں کیلئے ایک قیمتی تحفہ عنائت فرمایا ہے۔

آج تک جناب مشتاق صاحب کی نظم ونثر کی متعدد کتابیں منظر عام پر اائی ہیں۔ اصل میں مشتاقؔ صاحب کی غرض وغائت یہ ہے کہ پوگلی زبان وادب کو دُنیا کی زبانوں کی طرح منظر عام پر لایا جائے۔ پوگلی زبان کو بھی عام زبانوں کی فہرست میں شامل کیا جائے۔ اِس گُمنام بولی کو بھی زبان کا درجہ حاصل ہو۔ اِس میں شک نہیں کہ یہ بولی صوبہ جموں کے اکثر مقامات پر بولی جاتی ہے لیکن بدقسمتی کی بات ہے کہ اِس کی تشہیر نہیں کی گی ہے۔؛ عام لوگ اِس بولی کی اہمیت وافادیت سے بے خبر ہیں۔ اکثر کُتب میں مشتاقؔ صاحب نے اِس علاقہ یعنی پوگل پرستان، نیل، بانہال وغیرہ کے خوبصورت اور قدرتی مناظر خوبصورت ودِلکش میدانوں، سبزہ زاروں، جھیلوں، چشموں عمدہ چراگاہوں، گھنے جنگلوں، اونچے پہاڑوں۔ عمدہ وقیمتی جڑی بوٹیوں کا تذکرہ کیا ہے۔ تاکہ حکومتی سطح پر حکمران لوگ، عوامی نمائندے وغیرہ اس طرف توجہ دیکر یہاں کے قیمتی اثاثوں سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اِس علاقہ کو "ٹورازم" کے نقشے پر لاکر یہاں کی پسماندگی، غربت وغیرہ کا کاتمہ کرایا جائے۔ پوگلی زبان وادب کا دائرہ ضلع ریاسی کے گول گلاب گڑھ اودھم پور کے چھینی۔ بشٹ۔ ٹکری اولڈ ڈسٹرکٹ ڈوڈہ اور جدید ضلع رام بن کے اکثر علاقہ جات تک پھیلا ہوا ہے۔ البتہ بکھرا ہوا ہے۔ جس کے لئے ضرورت ہے کہ ذی شعور حضرات اِس متبرک خواب کی تعبیر کو صحیح ثابت

کرنے کے لئے یکجاہوکرکوشش کریں تاکہ مشتاق صاحبکی کوشش رنگ لائے۔

کہا جاتا ہے کہ پوگلی بولی میں زمانہ قدیم سے ہی شعروشاعری کی جاتی رہی ہے لیکن افسوس کا مقام ہے کہ تحریری شکل میں مواد کچھ بھی نہیں ہے۔ حقیقت میں پوگلی زبان کی شعر وشاعری کا آغاز جناب مشتاق صاحب نے اپنی جوانی تقریباً 1967ء سے کیا ہے۔ پوگلی زبان وادب کو ضبط تحریر میں لاکر زبان کی خدمت کا سہراان ہی کے سر جاتا ہے۔ جس کا ثبوت اِن کے تحریری مواد (۱) میون خیال (۲) میون کوہستان بہ ترجمہ اُردو (۳) ہرساؤ پرستان با ترجمہ اُردو (۴) محمد اور اِسلام (۵) منظومات شرواُ (۶) شہلائے عازمین حجاج کرام وغیرہ درجنوں کتابوں کو شائع کر کے پوگلی زبان وادب کی خدمت کرنے کا صحیح اور فائدہ مند مواد آنے والی نسلوں کیلئے وقف کر کے رکھا ہے۔ اِس خدمت بے لوث کا اجر اعظیم اِنہیں اور اِنکی آنے والی نسل کو تادیر ملتا رہے گا۔

جناب مشتاق صاحب کی خدمات کو سراہتے ہوئے سال 2015ء میں یوم آزادی کے موقع پر آنریبل سٹیٹ منسٹر جناب بشارت بخاری نے انہیں اعزازی ایوارڈ رام بن کے مقام پر نوازا تھا جو پوگلی بزم ادب وزبان کے لئے باعثِ فخر وحوصلہ افزائی ہے۔

اتفاقیہ طور پر ایک روز راقم کو پوگلی زبان وادب تنظیم کا بنایا ہوا دستور پڑھنے کا موقعہ ملا یہ دستور ایک کتابچہ کی شکل میں ہے اِس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ بزم ادب چلانے کا ایک جمہوری طرز کا مشن ہے جس کے اندر قواعد وضوابط قائم کر کے کاروان کو چلانا ہے۔ اِس میں ذکر کیا گیا ہے کہ صدر بزم ادب کا انتخاب ہر دوسال کے بعد عمل میں لایا جاتا رہے گا۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ اِس پر عمل

کرنے کے بجائے اس دستور کی دھجیاں اُڑائی جارہی ہیں۔ یہاں پر میں مشورہ دینا چاہتا ہوں کہ ہر چھوٹے بڑے ذمہ دار ممبر کو اِس کا احترام کرتے ہوئے فرائض کو انجام دیکر اپنے بڑے پن کا ثبوت دے نیز گذارش ہے کہ اِس دستور کے اندر ایک محاسب کا عہدہ بھی قائم کیا جانا چاہیئے تا کہ کوئی بھی معاملہ بے لگام نہ چھوڑا جائے۔ حسبِ ضرورت دستور کے اندر تبدیلی کی جا سکتی ہے جس میں بزم کے تمام افراد و ارکان کو یک رائے ہو کر فائدہ مند قدم اُٹھانا چاہیئے۔

جناب مشتاق صاحب سرزمین پوگل کے باشندے ہیں جو 19 جون 1942ء و پیدا ہوئے۔ بعد فراغت تعلیم محکمہ تعلیم میں بحثیت اُستاد 14 مارچ 1962ء بھرتی ہوئے محکمہ تعلیم میں ایک مثالی اُستاد کے طور پر یاد کئے جاتے ہیں۔ اور 30 جون 2000ء کو بخیر و عافیت اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوئے اِن کے والد مرحوم اپنے وقت کے علاقے کے ایک دیندار۔ دیانتدار اور رئیس ہستی تھے۔ علاقہ پوگل تحصیل پوگل پرستان ضلع رام بن کا وہ خطہٗ زمین ہے جس نے ایسی ایسی ہستیوں کو جنم دیا ہے جو مُلک ہندوستان کے چوٹی کے اہم شخصیات میں شمار کئے جاتے ہیں جن میں خاص کر جناب ڈی ڈی ٹھاکور صاحب اور ٹی ایس ٹھاکور صاحب قابلِ ذکر ہیں۔ اِن کی خدمات کے عوض اِن کا نام تا دیر زندہ رہے گا۔

آخر میں مشتاق صاحب کی کاوشوں کی سراہنا کرتے ہوئے اللہ سے دستِ بدعا ہوں کہ اِن کا تحریری مواد آنے والی نسلوں کیلئے سودمند اور خود اِن کیلئے توشۂ آخرت ثابت ہو۔ اللہ انہیں جزائے خیر کے ساتھ ساتھ تا زیست مزید فیض بخش اثاثہ قوم کو مہیا کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

راقم الحروف: عبدالرحمان گنائی۔

ریٹائرڈ سینئر ہیڈ ماسٹر

پوگلی بولی پر تاثرات

اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل عزیز مشتاقؔ

قلمکار آتے گئے تحریک پوگلی زبان وادب بنتا گیا

اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو مختلف نعمتوں سے نوازا ہے۔ جن کا شمار کرنا بے حد مشکل کام ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ خود بھی قران کریم کے اندر فرماتے ہیں تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو نہیں شمار کر سکتے اِن کی نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت زبان ہے۔ جس کی وجہ سے اِسے اشرف المخلوقات کا درجہ ملا ہے۔ دُنیا میں لاتعداد زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اِس طرح ہماری بھی ایک اپنی بولی ہے۔ جو پوگلی بولی کے نام سے مشہور و معروف ہے۔ اِس بولی میں بھی وہ ساری حلاوٹ و مٹھاس موجود ہے جو باقی بولیوں میں ہے۔ اِس کے بولنے والے بھی اِس زبان کے ساتھ پیار و محبت رکھتے ہیں اور بولتے وقت فخر محسوس کرتے ہیں مجھے یاد ہے یہاں کے نائب وزیر اعلیٰ جناب ڈی ڈی ٹھاکور جب یہاں کے لوگوں کے ساتھ ملتے تھے وہ دوسری زبان میں لوگوں کو بولنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ اور کہا کرتے تھے میں جب یہ زبان بولتا ہوں میری زبان کو تروتازگی اور جسم کو راحت ملتی ہے۔

جو چھُتھ زوِ کس تی جو چھُتھ منظور چھم زو کو چھُتھ

زوِ کس فرماش کرسِم حاضر مہ جان کو چھُتھ (عزیز مشتاقؔ)

پوگلی ابھی تک بولی ہے زبان کے مقام کی منتظر ہے۔ اِس وقت یہ جموں و کشمیر کے طول وعرض

میں بولی جاتی ہے۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ زبان کہاں سے آئی ۔ ماہرین لسانیات اِس بات پر متفق ہیں کہ یہ زبان پوگل میں ہی پلی بڑھی اور اِس کا مقام پوگل ہے۔ بھلے ہی گور ونواح میں اِس کا لب ولہجہ تھوڑا مختلف ہے مگر اصل پوگلی پوگل میں ہی بولی جاتی ہے۔ اِس زبان کا نام کچھ اور رکھنا اِس کو قتل کرنے کے مترادف ہے۔ اِس زبان کو تحریر میں لانا تھوڑا مشکل کام ہے مگر یہ زبان کشمیری اور ڈوگری سے ملتی جلتی ہے بعض لوگ اِس زبان کو دوگری اور کشمیری کی بہن کہتے ہیں لہذا اِس زبان کو بھی آسانی سے حوالہ قرطاس کیا جاسکتا ہے۔ ابھی تک یہاں کے چند مخلص لوگوں نے اِس پر زبردست محنت کر کے متعدد کُتب لکھ کر شائع کئے اِن میں الحاج مشتاق عبدالعزیز کٹوچ ذوالفقار عبدالرشید رونیال اور منظور پوگلی کا نام قابل ذکر ہے لیکن اِن میں سرفہرست اور شاعر اول اِس زبان کے مشتاق صاحب کو کو گردانا جاتا ہے۔ اِن کے تصانیف ''میُن خیال'' ''میُن کوہستان'' زیر طبع سے آراستہ ہو چکے ہیں ۔انہوں نے پارہ عم کا ترجمہ بھی پوگلی زبان میں کیا ہوا ہے۔ مگرت اِن کی نئ تحریر ''تحریک پوگلی زبان وادب'' اُن کا ایک کمال کا کارنامہ ہے اِس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب مشتاق صاحب نے نہائت ہی دریادِلی اور اولوالعزمی سے اِس زبان کی خدمت انجام دینے کا ارادہ اپنی اوائل عمر میں ہی کر لیا تھا۔ پوگلی زبان کے باقی شعرأوادیب ابھی تک اِس کے ہم پایہ اور ہم پلہ نہ ہو سکے ہیں۔ اُن کی اِس لگن ، انتھک محنت ، جوش وولولہ اور زبان کے ساتھ محبت کو دیکھ کر میں یہی کہوں گا ؎ آفریں باد بریں ہمت مردانہ تو''

لہذا میں آ کر میں یہی کہوں گا۔ پوگل کے رہنے والے یا پوگلی بولنے والے اگر پہاڑ

کے دامن میں بستے ہیں بھلے ہی میدانی علاقوں سے آنے والے لوگوں کو اِس زبان اور خطے سے رغبت نہ ہو۔ مگر یہاں کے نواسی جب دوسری جگہوں میں اِن پر عرصہ حیات تنگ ہوا تو یہاں کی فطرت کی آغوش میں آ کر انہوں نے دم لیا اور سکوں و آرام تا زیست پانے کے ساتھ ساتھ اپنے پرچم جگہ جگہ لہرائے۔ اِن کو فقیری اور غریبی کا احساس کبھی نہ ہوا۔ اپنے آپ کو شاہ کے برابر تصور کرتے ہوئے اِس زبان کے ساتھ لگاؤ اور محبت کرتے رہے اور یہ دعویٰ کرتے رہیں گے کہ یہ زبان پوگلی زبان ہے اِس کا نام کبھی بھی تبدیل نہیں ہو سکتا ہے اور نہ ہو گا۔ جب عزیز مشتاقؔ جیسے جیسے شعرأ و ادیب مزید اِس دھرتی سے پیدا ہونگے تو وہ وقت دُور نہیں کہ اِس زبان کو نصاب میں بھی شامل کر لیا جائے گا۔ جیسے کشمیری اور ڈوگری کو تعلیمی نصاب میں شامل کرنے کی پالیسی پر بھی موجودہ مرکزی سرکار کام کر رہی ہے۔

1890ء میں جو مردم شماری ہوئی تھی جس کے مہتمم رائے بہادر بھاگ رام تھے۔ اُس میں بھی اِس زبان کا نام پوگلی زبان رکھا گیا ہے۔ لہذا جب تک زبان بولنے والے زندہ ہیں اِس زبان کو پوگلی زبان کے نام سے یاد کیا جائے گا۔ اِس زبان میں سادگی و پرکاری ہے۔ باقی زبانیں بولنے والے اِسے آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ یہ لچکدار زبان ہے۔ لہذا جس محنت اور لگن کا مظاہرہ عزیز مشتاقؔ پوگلی، ذوالفقار عبدالرشید رونیال اور منظورؔ پوگلی نے کی ہے میری دُعا ہے کہ اِن کی طرح دوسرے تعلیم یافتہ اہل پوگل بھی اپنی زبان کی خدمت کے لئے آگے آئیں۔ (آمین)

عبدالقیوم بٹ، ایم اے بی ایڈ، ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر
موجودہ سرپنچ پنچائت مالیگام (اے)

زِندگی وفاتھ

غنیمت ذانے زِندگی سنی بہار — یسینوات نہو چھُ بار بار
غنیمت سمجھوے شوق عِلم تہٕ عمل — جوانی، صحت زِندگی پَل پَل
یہٕ زِندگی چھنتھ نہ ہمیشہ کٔچھن — نہ چھنتھ یہٕ دفاو فنا کٔچھن
مہٕ سمجھوے بشر چھُس تُو خاک سنو — چھس تُو فہم فراست ادراک سنو
بناوٕے زندگی سنو تہنو نِظام — یوتھِ بکار تیر ابدی زندگی بکار
گُستھِ دُنیاوی زندگی سجہ وتہٕ منزٕ — تیر کی زندگی چمکدار وتہٕ منز
بُزرگن دوستن خبردار کری — بے خبرن عزیزن ہوسیار کری
مشتاق عزیز چھنتھ پرمے موڑس ذاگی — سامان گوس اگی نسی پوشاک چھس لاگی

☆☆☆☆☆☆☆

"کرونا" مُلکی احتیاطی تدابیر

۱۔ ماسک پہن کر رکھنا۔۲۔ گھر میں ہی قیام، کرنا۔۳۔ صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھونا۔۴۔ سماجی دُوری کو قائم رکھنا۔۵۔ کھانسی یا چھینک آنے پر منہ ناک کو ٹشو پیپر یا کپڑے سے بند کرنا۔۶۔ آمد ورفت کی جگہ تھُوکنا یا ناک صاف کرنا منع۔۷۔ کھانسی زکام پر ہیلتھ مِشن کو بولنا۔۸۔ اچھی اور تازہ طعام صفائی سے کھانا۔۹۔ خود سُر کھشید دوسروں کو بھی سُر کھشید رکھنا۔

(محمد معروف التھانوی کا خط نسبت ترجمہ عم پارہ قرآن پاک پوگلی زبان میں)

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

اُون کم وُ مُر کم پانے محکمہ تعلیمَس منز سرکاری سکولن درس وتدریس دے چھُس میلُن نام محمد معروف بن عبدالعزیز التھانوی چھُ اللہ حُکم پن نے بندس کر چھ بندہ حرکتس منز یے چھُ یہ رضا اللہ سِن آستھ بہر حال خاک سارُس بزرگ محترم عبدالعزیز مشتاق الحاج پوگلی اطلاع دِتی ہ قرآن پاک سورہ ’’عم‘‘ سُن ترجمہ پُگلی زبان منز مکمل کر گچھ قرآن پاک سِن اشاعت دُنیا و یو ابدی زندگی کچہ اجر دارین چھُ مہ نا چیز محسوس کو اوَن تے پس کارِ خیرُس منز ہینکھ حصہ نیلوا انشاللہ جناب عبدالعزیز مشتاق پوگلی اِت اگِ کافی مطبوعات پوگلی زبان منزّ منظر عام منظر عام تفوئض گچھ مگر محمد اور اسلام کتاب غیر زبان بولنے والن کچہ بنیادی اِسلامی ارکان طریقہ عبادت روجہ کچہ مفید نہ قبول ثابت گے۔

ضلع رام بن منز خصوصاً ایمائے حضرات یا اجتماعن منز خطیب حضرات پوگلی زبان منز مقتدین یا سامعین دینی واقفیت دینے منزّ کامیاب چھُ ماشااللہ پوگلی زبان تھ صوبہ جمعس منزّ یکھ خاص اہمیت رچھ تھِ بلکہ مذکورہ الحاج صاحب تھِ زبان وادب سِن آہنی رجسٹریشن سال 2001ء منزّ مکمل کمیتھ اوَس پن نے کمبہ سنے طرفہ عبدالعزیز مشتاق صاحبُس مبارک کر چھُس۔

پارہ عم سُن آغاز کرتے مصنف سورۃ فاتحہ احتہ پوگلی منز ترجمہ شروع گچھُ یو کارِ خیر معصوم بچن تہَ نوجوان تعلیم یافتن تہَ خصوصاً بزرگن کچہ مفید تہَ اجر دارین چھ اوَس پن نے پانُس خوش نصیب سمجھو چھُس اللہ سنے دربارُس دُعا کر چھُس کہ مینے بزرگن ابا وجدادن، قرابت دارن ادعام مرحومن مغفرت تہَ زندن نیک ہدائت، محبت تہَ اتفاق، دین سِن خدمت مُسکینن تہَ غربین سُن احساس ،مظلومن پانت رحم صدقات، زکواۃ سِن ادائی جذبہ عبادات تہَ سخاوت قبول گس را (آمین)

خوش نویس:

خاکسار محمد معروف بن عبدالعزیز التھانوی پوگل ضلع رام بن۔

پوگلی بولی اور زبانیں

موجودہ آفات

برصغیر ہندوپاک میں لاتعداد بڑی چھوٹی زبانیں وبولیاں بولی جاتی ہیں، ان تمام کے خطے علاقے حدبندیاں۔ لہجوں کی وجہ سے مقرر ہیں یہ زبانیں کاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ اِن میں قدیم ترین اور جدید ترین زبانیں موجود ہیں۔ تمام زبانوں نے ایک ساتھ رہ کر مشترکہ خصوصیات کو اپنایا ہے۔ انٹرنیشنل زبان انگریزی سے لیکر پسماندہ ”پوگلی“ بولی تک باہم ہیں۔ بیشتر زبانوں کے نام خطوں اور علاقوں کی نسبت سے قرار پائے ہیں جیسے بنگالی۔ بنگال کی نسبت ہے اور اسی طرح سندھی، گجراتی، پنجابی، لداخی، کشمیری، پوگلی، کشتواڑی، بھدرواہی، ڈوگری البتہ یہ علاقہ سے منسوب نہیں ہے۔ یہ صرف صوبہ جموں بولیوں کے ساتھ سمندرر کھنے کی خاص ضرورت ہے۔

ڈوگری زبان نے ریڈیو کے ذریعہ گوجری زبان کو اپنا حصہ تفوئض تو کیا ہے ابھی تک دیگر بولیوں کو بھدرواہی چھوڑکر اپنا حق ملنا باقی ہے۔ بولیوں میں پوگلی کو حقوق حاصل کرنے میں اہمیت کی حامل ہے۔ اور کلچر کے لحاظ سے ہماچلی زبان کی طرح مناسبت رکھتی ہے۔ گو پوگلی کو قدیم بولیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو شامل کیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ بوگلی بولی کھڑی زبان کا ایک خاص حصہ ہے۔ یعنی مغرب

میں ہریانوی، شمال مشرق میں کھڑی بولی اور جنوب میں برج بھاشا یہ تینوں بولیاں اُردو کی تشکیل وارتقاءٗ کی بنیاد ہیں۔ جبکہ اُردو کی پہچان نہ صرف برصغیر بلکہ بیرون مُلک میں بھی موجود ہے۔ جبکہ پوگلی بولی صوبہ جموں میں ضلع رام بن کے علاوہ پورے صوبے میں پھیلی ہوئی ہے۔ اور یہ کھڑی بولی کا ایک خاص حصہ ہے۔ جو تحقیق طلب ہے۔ غیر مُلکی محققین نے کسی حد تک پوگلی بولی کا تحقیقی حق ادا کیا ہے۔۔ لیکن مُلکی قلمکاروں کو بھی اپنا کردار نبھانے کی خاص ضرورت ہے۔ اگر یہ قدیم بولیوں کی صفِ اول میں ہے تو اِس کی بنیادی تلاش کو بھی حق بجانب سمجھنے کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے قلمی یعنی تحریری، اشاعتی ،نشریاتی حصہ داری میں شامل رکھنے کی انتہائی مناسبت ہے۔ کیونکہ ہمارا مُلک آج کے دور میں پسماندہ اور اقلیتوں کو ترقی دینے کے حق میں ہے۔ قدیم خطۂ چناب یا ضلع ڈوڈہ جس میں جدید پہاڑی ضلع رام بن کے اطراف واکناف میں پوگلی بولی ہی کثرت سے بولی جاتی ہے۔ بھلے ہی مہاراجہ گلاب سنگھ نے ناس بن کے بجائے رام بن رکھا ہو۔ لیکن ہمارے مُلک بھارت کو کشمیر سے ملانے کا مقام رام بن ہی ہوسکتا ہے۔ اس سے قبل بھی لکھا جاچکا ہے کہ ریاست میں اکثر آبادی مال مویشی پر گذر بسر کرنے والے موسمی لحاظ سے کنڈی و پہاڑی علاقہ جات کے خانہ بدوش مائیگرنٹ ہیں وہ بھی اسی مقام سے راہ بنڑ کہتے گذرتے رہے ہیں۔ اُس دور کے راجہ نے راہ بنڑ کا نام پسند کیا ہو۔ ہمارے لہجہ میں آج بھی راہ بنڑ ہی ہے۔

لسانیات سے جڑے پہاڑی دُور افتادہ ،پسماندہ قدیم طرز زندگی گذارنے والے علاقہ جات ہی ترقی کے منازل طے کرسکتے ہیں۔ کیونکہ زبان ہی

ترقی وخوشحالی کی ضامن ہے۔ جبکہ مغربی ممالک دُنیا پر سائنس وٹیکنالوجی کی صفِ اول میں زندگی گذار رہے ہیں۔ کبھی کبھی کمانڈر بھی پریڈ میں بھاری غلطی کر سکتا ہے۔ کیونکہ اُس کا کرتب فطری نہیں ہوتا ہے۔ اُسے کمانڈری کرتب سکھایا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کو حق و حلال کمائی اور پھر کھان پین میں فرق کا علم نہ ہوتے ہوئے فطری بیماری میں مبتلا ہونا پڑا اور پھر اس کی دوائی او پائے سے بے خبری رہی اِس کا نتیجہ (رزلٹ) تمام دُنیا کے سامنے آ گیا۔ جہاں فرد واحد کی لاپروائی سے تمام دھرتی کو بھگتنا پڑے وہاں ہر انسان کو زندگی میں احتیاط کی سخت ضرورت ہے۔ خالق قدرت نے حیوان ناطق کو خصوصاً ہدایات سے نوازہ ہے۔ حلال وحرام کی تمیز سے باخبر کیا ہے۔ اُس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ دُنیا پر ہر مُلک کے سربراہ نے فوری طور اِس لاعلاج بیماری سے بچنے کیلئے اپنی رعایا کو احتیاطی عوامل سے باخبر کیا۔ ہمارے مُلک کے سربراہ وزیر اعظم مودی جی نے سخت الفاظ و پریم سے تاکیداً نویدن کی اپنا آپ بچائے اور دُنیا کے انسانوں کو احتیاطی ہدایات سے بچائے عمل پیرا ہو جائے۔ مُلک کے ہر فرد اُن کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے یک جُٹ ہو کر مہلک بیماری کو پھیلنے کے بچاؤ کو اپنایا۔ حالانکہ یہ پھیلنے والی آفات موسمی یا اپنے مُلک کی نہ تھی جبکہ خالق قدرت نافرمان بندوں کو آخری وقت تک زندگی وابدی زندگی کے اسباب سِکھاتا رہے۔ بہر کیف اچھے احکام کی تعمیل کرنا بھی اور کرانا بھی خالق قدرت کا فرمان ہے۔ ہمارے مُلک کا بچہ، جوان بوڑھا، ضعیف

مرد وعورت سب اس مہلک بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کیلیئے رات دن کوشاں ہیں ۲۱ ایام تک خصوصاً۔ حالاں کہ اجتماعی عبادات کو انفرادی طور پر ادا کرنے پر تمام لوگوں نے اتفاق کیا اور عمل کرتے ہوئے مالک کائنات سے گُناہوں قدرتی آفات اور دُنیاوی آفات سے بچاؤ نجات کی دُعائیں مانگی اور آئندہ تمام سماج کے حق میں صحت یابی، خوشحالی امن وسلامتی کے آنسوں بہاتے ہوئے شب وروز مانگتے رہیں گے۔ مالک کائنات ہماری کا تاہیوں کو پسِ پشت رکھتے ہوئے قبول فرمائے۔ اُسی کی رضا سے زندہ رہے تو اپنی پناہ میں رکھے۔ اور اگر جا چکے تو اپنے قریب تحفظ میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے! (ثم آمین)

پوگلی: پھلو اڑنَ پھُل زہاڑنیس نہ صرف دُرنٹھی چھَ
لگا تار ذَیلہ فِرِہ رؤ دذ ہاڑنیس تے قصوروار چھَ

پوگلی ٹھکر لہجہ

نرپی دھوکودے چھس کیماٹھکُل لے چھس۔ ذیئر تیر نیپ دائیں ِکسی ژرُہل چھس مہٖ کوُگو مینا بھاگن گنٹھ دیتے آوَں دھاگن۔ شکیل کرہام باغن ِکسی تو دُورنش چس مہٖ رچی موقودئیں کری دو پہر وفون می کرے۔ چندن آحت لیکری زیما ہولہ کر چھس مہٖ جو نمتی تینی شکل چھتہ عقل ِکسی گھٹی چھتھ؟۔ پشنے لائے نقل چھتھ ضیران ِکسی کر چھس مہٖ

پوگلی بولی کو اور کوئی نام حاسدانہ ناکام کوشش

کھاشا قبیلہ ہے۔شناخت پوگلی ہے۔بولی پوگلی ہے

قدرت کاملہ کے اندر کسی چیز یا نام کو حقیقی طور پر ثابت کرنے کیلئے سچائی سے دلائل کی ضرورت ہوتی ہے۔پوگل پرستان مُلک بھارت کی ریاست جموں و کشمیر میں زمانہ قدیم سے جانے پہچانے ایک خوبصورت گاؤں کا نام ہے۔جس کا خصوصاً ''مال ریونیوُ ریکارڈ نہ صرف راجدھانی دہلی بلکہ بٹوارے سے قبل لاہور پاکستان میں موجود ہوگا۔ بھارت دیش کی ہر ریاست کے لوگ (جنتا) اکثر ہجرت ہافتہ مائیگرنٹ کے حالات میں چلتے رہے ہیں۔جموں و کشمیر کیلئے ہجرت کوئی نئی بات نہیں ہے۔غیر مُلکی محققین اور آزادی کے بعد مقامی ریسرچ تحقیق کاروں نے قلمی تحریروں کو بدستور قائم رکھا ہے۔اور آج تک قلم ہجرت یافتہ لوگوں کے حالات زندگی لکھنے سے تھکی نہیں ہیں۔

غیر مُلکی قلم کاروں نے ریاست جموں و کشمیر کے قدیمی ضلع اودھم پور اور آج کے جدید ضلع رام بن میں ہجرت یافتہ لوگوں نے حالات زندگی، رہن سہن بھاشاؤں کی بول چال کے حالات لکھنے میں پہل کی ہے۔بعد ازاں مقامی محنت کش ادیبوں، شاعروں، تنقید نگاروں، تحقیق کرنے والوں نے قریب سے جائزہ لیتے ہوئے اصل حقیقت کی طرف توجہ دیگر سچائی کی طرف قلم بڑھائے ہیں جیسے قدیم بزرگوں کا کہنا تھا کہ موجودہ ضلع رام بن خصوصاً تحصیل پوگل پرستان کے لوگ ہجرت یافتہ ہیں۔جبکہ راجاؤں کے دورحکومت میں اکثر اُس زمانے سے قبل کے دانشور کہا کرتے تھے کہ زمانہ قدیم میں کسی وقت انقلابی

حالات میں اکثر لوگوں نے ریاست راجستھان سے ہجرت شروع کی اور کئی عرصہ تک گھومتے پھرتے ہماچل پردیش کے پہاڑوں پر پناہ لی۔ چونکہ راجستھان کی وادی آب وہوا کے لحاظ سے گرم ہے۔۔لوگوں کو ہماچل کی پناہ کچھ وقت کیلئے سازگار لگی اور یہ زندگی کے ایام پھل فروٹ اور جنگلی شکار پر ہی گذر بسر کرتے رہے۔ وقت گذرنے کے بعد کسی اور انقلابی دباؤ پر وہاں سے بھی بھاگنا پڑا۔ دشوار گذار جنگلوں پہاڑوں سے پیدل کٹھن راستوں کو عبور کرتے ہوئے رام بن کے جنگل قُلملا قیام کیا اب بھی یہ لوگ آگے بڑھتے گئے روزی کی تلاش میں پہاڑوں کو عبور کر کے کشمیر تک بھی جاتے رہے۔ بہر حال چند لوگ "مُملا" رام بن خصوصاً "کٹوچ" آج بھی بسمین ہیں اور کچھ پوگل پرستان کی وادی میں آگئے۔ بلکہ نیل سے آگے کھڑی بانہال ٹھٹھار پہاڑ کے دامن تک پھیل گئے۔ بزرگوں کا کہنا تھا کہ یہ لوگ بھاشا بھی اپنے ساتھ لائے تھے اور پوگل پرستان اور راجگڑھ وغیرہ نام بھی رائے کھاشا (قبیلہ کو کھشتری حفاظتی سیکورٹی کا کام ہی پسند تھا)۔ دوسرے مقام پر تفصیلاً سب کاسٹ کٹوچ منہاس، بالی، سوہل، ملک، رونیال، وغیرہ اپنی قدیم بھاشا "پوگلی" لیکر زمینی حصہ داری میں آباد ہیں۔ ان کھاشا قبیلہ کو مقامی لوگ "کھا" کہتے ہیں۔ اِن کی بھاشا نہ کوہستانی ہے اور نہ ہی کھاشا ہے۔۔ چند نا لج کے نابیناؤں نے پوگلی بولی کو کبھی کوہستانی اور کبھی کھا بغیر دلائل کے ناکام الفاظ ذاتی مفاد کے لئے کھڑے کئے ہیں۔ ان کو پوگلی کیلئے اولاً بزرگ قابلِ احترام ڈاکٹر مرغوبؔ بانہالی کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ اگر تشفی نہ ہو تو مُلک کی راجدھانی رینیو (مال) ریکارڈ کو نمن کرنا چاہئے۔ ورنہ گریرسن اور امریکہ پیٹرِک کی (تحقیق سٹڈی) کرنی چاہیئے تا کہ اصل حقیقت سے باخبر ہوں۔

پوگلی: پیشہ ور اور وائرس وباہ

کاری گر پہلے سوز وساز کا شوقین بعد میں فرزندانِ لالہ واحمدو نے لوہے کے آلات واوزار بنانے کا کام کیا۔ بہت عرصہ تک اپنے زمینداروں کو تسلی بخش بنائے رکھا ،صوم وصلواۃ کے تمام کنبہ پابندرہے۔ باری تعالیٰ جنت نصیب کرے۔

نیل باٹو میں برتن بنانے والے کاریگر بھی مٹی کے برتن بنانے میں مشہور تھے۔ نیل میں موچی (شیخ) خاصا کنبہ تھا جو زمینداروں کے چمڑے والے جوتے بناتے تھے۔ اُن کی نسل میں آج کچھ مائیگرنٹ رام بن چلے گئے اور کئی تعلیم یافتہ ملازمت کرتے ہیں۔ پوگل کے جمال واتل (موچی) ۱۹۴۷ء سے قبل ہی وطن بدر کردئے گئے۔ وطن کے وزیراعظم مودی جی کا ''من کی بات'' میں کہنا تھا میک اِن انڈیا۔ اِن غریب وپسماندہ گاؤں میں جلدی ہی مٹی کا کچا مال دستیاب ہوتا کہ بے روزگار نوجوان اپنا آبائی کاروبار انجام دیکر اپنے بچوں کو روزگار و تعلیم دے سکیں۔ بلاشبہہ اگر ہمارے گاؤں کے کاریگروں کو مٹی کے برتنوں کی سفید پالش دستیاب ہو تو معاشرہ جلدی ہی بلکہ خوشی سے سٹیل کے بدلے چینی مٹی کے برتن تسلیم کرے گا۔ ایک وقت تھا جبکہ ہم سب ہی ہندو مسلمان مٹی کے برتن استعمال کرتے تھے۔ جن میں پکانا کھنا لزیز ہوتا تھا اور برتن بھی پائیدار اور خوبصورت ہوتے تھے۔

بھلے ہی اِس دور کو قدیم کہا جائے گا لیکن یہ جدید ہوگا اگر کرونا وائرس اچھی

طرح بھاگ گیا تو زندہ لوگ چینی پالش والے برتن کا لُطف اُٹھائیں گے۔ احتیاطی تدابیر شامل رکھتے ہوئے گھر میں ماسک سنی ٹائزر، صابن سے ہاتھ دھونا سماجی دُوری کو برقرار رکھنا۔ صاف کپڑے اور صاف برتن سوچالے وسوچھتا کا پالن کرنا۔ کووڈ۔19 کو ہرانے کا بس یہی ہتھیار ہمارے پاس میں ہے۔ اِنشاﷲ ''کرونا وائرس ہارا'' اور ہم جیت جائیں گے۔ اگر وہ میدان اکھاڑے میں ہوتا تو لڑائی جنگ آمنے سامنے ہوتی وہ بے ایمان تو غائبانہ گھات لگائے ہے۔ اور سوچنے کا مقام ہے کہ آدمی ''منُش'' کو ہی ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ کیونکہ آدمی ہی وائرس دُشمن کی مدد کر کے موت کا بہانہ بنتا ہے۔ لگتا ہے سماجی ترقی پسند مما لک ہی دُنیا میں دُشمن وائرس کیلئے زرخیز ہیں۔ بہ نسبت وطن عزیز کے ہمسایہ دُنیا کو تا حال بہت نقصان ہوا ہے۔ اِس پر افسوس ہے۔ دُعا ہے یہ ہارے بھاگے۔

☆☆☆☆☆☆☆

دَم شہلَلتیئے حال زٕپھیتھ ہیٚمہٕ گھڑ یکھ۔ کم نہ گَس چھم دِلسَ دبرائے غزل ونہیے گھڑ یکھ

چھتھ خبُرتیٚ سفر چھتھ خمدارتہٕ دشوار۔ پھر پھیری نظرہ چھتھ بھری پیار کرے گھڑ یکھ

حکم چھتھ گی رہے شب روز قفس چھتھ دل دوز حرکت کرے گھڑ یکھ

لاک ڈاوَن چھُ فقط کروُنس ماسک لیگ کری وی منٹ صبر کری گھڑ یکھ

تجارت پیشہ بیروں اور پوگلی زباں وادَب

موجودہ ضلع رام بن پوگلی زبان وادَب کو ابتدأ سے ہی تجارت پیشہ بیروں نے اور خصوصاً دوکانداروں نے بولی وادَب کو تقویت بخشی ہے۔ خصوصاً خاص رام بن کے علاوہ بانہال۔ رامسو، ناچلانہ، مکوموٹ، چملواس، نیل راجگڑھ، ڈ، گڈول، سنگلدان، گول، بٹوت، پوگل پرستان کے دہی علاقہ جات میں آکر تجارت کاروبار چلایا ہے۔ جبکہ اکثر کاروباری لوگوں نے اودھم پور جموں اور دیگر مقامات سے مستقل طور پر روزگار کے علاوہ پوگلی بولی کو بھی اپنایا ہے۔ قصبہ رام بن موجودہ دور میں بھی تجارت پیشہ لوگوں کی اکثر آبادی موجود ہے۔ جو مقامی پوگلی ومعاون پوگلی کے اشتراک سے ہی کاروبار چلانے میں کامیاب ہیں ۔اِسی طرح سے مکرکوٹ، رام سودیگر ناچلانہ بانہال وغیرہ دیہاتوں میں ڈوگری ماتر بھاشا کے باوٗجود پوگلی بولی کو پریم بھاوٗ سے بولتے ہیں۔ جبکہ اکثر یہ تجارت پیشہ لوگ ۱۹۴۷ء سے قبل کاروبار دیگر سماجی معاملات میں جڑے ہوئے ہیں۔ قصبہ رام بن کے خاص قدیم بزرگ دوکاندار لالہ فقیر چند دیال چند۔ نیل کنٹھ۔ کشن لال، لالہ لبھو رام جو پریجاپریشد کے نیتا بھی تھے رام سو ومکرکوٹ کے لالہ گھگھوشاہ، ۔من پرکاش، ایشر داس بٹرو کے گلاب چند، سنگلدان کے لالہ ہنسرج ۔بنسی لال، نیل کے کشن چند گنیش داس دوکانداری کے علاوہ جنگل کے فارسٹ لیسز بھی تھے۔ اس کے علاوہ پوگل میں بھاگمل صاف ستھری پوگلی بولنے والے تھے۔ ۔اُن بزرگوں کے کنبہ جات نے بھی پوگلی زبان وادب سے گہرا تعلق

رکھا تھا بلکہ مستوران جوان لڑ کے ولڑکیاں مقامی لوگوں کے ساتھ خالص پوگلی بولی میں گفت وشنید کو خوش آئین مانتے تھے۔ گویا پوگلی بولی نے بیروں پوگلی کے لئے راہیں ہموار کرر کھی ہیں۔ آج بھی غیر پوگلی ملاز مین نہائت شوق سے بالکل قلیل وقت میں پوگلی بولی اپنا لیتے ہیں۔ یوں بھی یہ پہاڑی علاقہ جات ڈوگرہ راج کے اندر پلے بڑھے ہیں۔ جب سے ڈوگری زبان نے آٹھویں شیڈول میں مقام حاصل کیا ہے۔ یا ریڈیو، ٹی وی، نشر واشاعت سنبھالا ہے۔ پوگلی بولی کو نزدیکی ہوتے ہوئے بھی تا ہنوز فراموش رکھا ہے۔ اُمید ہے کہ گوجری زبان کے شانہ بشانہ پوگلی کو ہمنوا بنا کر سفر نشر و اشاعت، سنگیت وموسیقی میں شامل حال رکھتے ہوئے نو جوان طبقہ کو وطن پیار کا اظہار کرنے میں شراکت دی جانی چاہیئے تھی۔ بہر کیف وہ دِن دُور نہیں جبکہ پوگلی بھاشا (بولی) کو دُوردرشن جموں سے مقام حاصل ہوگا۔ جبکہ ریاست جموں وکشمیر صوبہ جموں کے ضلع ڈوڈہ جدید ضلع رام بن اور ضلع اودھم پور کے عام لوگوں کا کاروبار زمینداری اور مالمویشی پر ہے۔ اور ضلعی دیہاتوں میں اکثر پیشہ وروں کی سب سے زیادہ ضرورت درپیش رہی ہے۔ زمینداری و باغبانی کے لئے آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس کے لئے لوہے کا کام کرنے کیلئے لوہار کی انتہائی ضرورت ہے۔ آبادی تیزی سے بڑھنے کیلئے حجام کی ضرورت ہے۔ شادی وبیاہ کے لئے زیورات بنانے لازمی ہیں۔ چادر کپڑا بُننے کیلئے جولاہے کی ضرورت ہے اِسی طرح سے درزی کمہار اور چمیار کے علاوہ گوال گدی اور باپھندے (ختن حال کیلئے) کاریگر اور دوائی کیلئے حکیم کی ضرورت ہے۔ یہاں پر پوگل کے بزرگوں سے منسلک پیشہ وروں کا

ذکر خیر کیا جائے گا۔ یوں تو دوسرے مقام پر بھی سرسری جائزہ لیا گیا ہے بہر حال ہمارے یہاں بزرگوں نے نہ صرف پیشہ پر سنجیدگی سے اپنے کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں بلکہ پوگلی زبان وادب کو بھی دانستہ طور پر پُر خلوص انداز میں بحال رکھا ہے۔ اگر گہرائی سے سوچ وچار کیا جائے تو ایسے مرحومین نے اپنے اخلاق وکسب اعلیٰ سے اِن علاقہ جات کو صدیوں سے آباد رکھا ہے۔ ہمارے پوگل کیل ''وگن'' کے رمضان (جٹوُ) (ہمزہ) کے بزرگ وہاب کمہار کے آٹھ بیٹوں نے پوگل کی تواریخ میں طاقت کا سِکہ بحال رکھا تھا۔ اور بعد کے بزرگوں نے اپنے کسبِ اعلیٰ سے برتن مٹی کے بنا کر زمینداروں کی عزت وآبرو کو قائم رکھا تھا۔ دائم کی اولاد نے بھی پوگلی زبان کو احترام سے جانا ہے۔ اِس کے علاوہ (رمضان ورملو حجام کے بزرگوں نے بھی دیانتداری سے پوگل میں اچھے مراسم اپنے ہمسایہ زمینداروں کے ساتھ رکھے تھے۔ پوگلی زبان کو خلوص وشرافت سے مالا مال کر دیا تھا۔ بلکہ اِس کی ساخت کو بدستور آج تک قائم رکھا ہے آج اُن کی نسلیں علم وادب سے مالا مال ہیں۔ اپنے کنبے کی بھاشا غیر پوگلی کے باوُجود بھی اِس بولی کو گلے لگایا ہے۔

''مستری جمال لوہار'' زمانہ قدیم کے کاریگر تھے۔ پُر خلوص دیانتدار تھے اِن کی نسل میں مستری عبداللہ، اکبر، رحیم تھے اور دوسرے کنبہ سے رحمان کے گُل محمد، محمدو، صمدو، حبیب، سلطان وغیرہ تھے شریف طبیعت جو سُر نائی ڈھول ڈول وغیرہ کے شوقین تھے۔ ''لسو'' ۱۹۴۷ء کے بعد ہجرت یافتہ بقول خود سوہل خاندان سے تھا۔ کام کی وجہ سے لوہار کہلایا۔

ضلع ڈوڈہ میں

جدید ضلع رام بن گذرگاہ خطۂ چناب

مہ اژہڑے میینے ارمانن نِسے توپنیاں وتن سے

بارُوئے سئینت اتچھنِ چھتھ ہوتھ کنُ دے پینچھ متن سے

ضلع رام بن بحوالہ حد بندی ریاسی اودھم پور کشتواڑ تحریک پوگلی زبان وادب میں ذکر تحریر ہو چکا ہے ۔قدیم ضلع ڈوڈہ وادیٔ چناب کے بالائی علاقہ جات اکثریت میں جنگلات سے مالا مال ہیں ۔جنگلی جڑی بوٹیوں ، رنگ برنگی چرند پرندوں ، معدنیات پن بجلی (Hydrolic Power) کی دولت سے مالا مال ہے ۔ وادی چناب کشتواڑ پاڈر نہ صرف مُلک بھر میں بلکہ دُنیا میں نیلم دھات کھان کے لئے مشہور ہے۔اس خطۂ عرض کے ڈھلوانوں پر محسور کُن شاداب سیرگاہیں وچراگاہیں ، پانی کے چشموں کی ڈھلوانوں سے بہتی آبشاریں چھم چھمؔ کے گیت گاتی مختلف صاف وشفاف تحصیل پوگل پرستان کی ندیاں جیسے پرستان کی مدھومتی پوگل کی نابت ندی وتاریخی کھیل کا میدان ''سرگلی'' پرستان کے بالائی خوبصورت سنسیری میدان اوروادی نیل سے بہتی ''مُدرکول'' کے علاوہ بھدرواہ کومِنی کشمیر کی حیثیت سے جانا تھاہے۔ بھدروہ کشتواڑ سے لیکر ٹاپ نیل راجگڑھ ، دیسہ پرستان ، شرواٗ مالن سر، ونبرہ ، چنگ وادی نیل چملواس ، کھڑی ، چانٹاری ، امکوٹ ، دِل کشی وخوبصورتی کی

وجہ سے سیر وسیاحت کے لئے موزوں ہیں۔ پُل ڈوڈہ سے آگے فلک بوس پہاڑ بھلیس ،
دربشالہ دوطرفہ بلند پہاڑ پوگل پرستان کے بلند پہاڑ نون کوٹ شرواُاور ہنس راز ٹریکنگ کیلئے
موزوں ہیں۔ کوہستان ڈھلوانوں پر دیودار چیڑ، فر، پڑتل، کائل کے جنگلات ہیں۔ کشتواڑ
زاعفران اور زیرہ کیلئے اور رام بن ذیتون کیلئے مُلک بھر میں مشہور ہے۔

اِس خطہٗ ارض میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بستے ہیں اور یہاں
کی سیکولر روایات مذہبی وسماجی ، سیاسی ورواداری مشہور ہے۔ حیف اس کی تعمیر وترقءکیلئے
پسماندہ، بے روزگاری، غربت ، افلاس ان پڑھتا ناخواندگی کو دُور کرنے کیلئے پچھلے ستر
سال سے سردخانے کے شکار ہیں۔ اِن علاقہ جات کے پچھڑے پن کا سب سے بڑا ثبوت
ایس آر او 272 سال 1994ء جس کے تحت اِس خطے کے 655 گاؤں میں
سے 562 گاؤں کو پسماندہ واقتصادی اعتبار سے پسماندہ قرار دیا گیا تھا۔ اِس خطے کی
ہئیت وسعت اوع پہاڑی ہونے کے پیش نظر اِس کے آمدورفت کے ذرائع بہت کم ہیں۔
اِس کے پچاس فیصدی گاؤں خاص گاؤں آج بھی سڑکوں وہیکل پُلوں، اور مواصلاتی نظام
سے محروم ہیں۔ ترجہی پلاننگ کیلئے بھی پسماندہ لوگ مدت سے منتظر ہیں۔ تعجب وقابل غور کا
مقام ہے کہ اِسی خطہٗ ارض کے تحصیل پوگل پرستان میں ایک بالائی مقام مشتاق پورہ کی بستی
کو پینے کا صاف پانی بجلی کی روسنی اور بچوں کی تعلیمی سکول کگی سہولیات سے مضرومیت
ہے۔ جو مقامی نمائندوں کی کوتاہ نظر کا باعث ہے۔ بجلی، آبپاشی ، زراعت وباغبانی ،
دستکاریوں کی طرف بہت کم توجہ دی گئی ہے۔ یہاں کے جنگلات سے اربوگھر بوں مالیت

کی تعمیری لکڑی سرکاری اور غیر سرکاری طور پر نکالی جارہی ہے۔ تعمیری لکڑی جڑی بوٹیاں، بیرون ریاست جارہی ہیں۔ جنگلات کے بچاؤ کیلئے کوئی خاص خاطر خواہ بچاؤ وتحفظ نہ ہونے کے مساوی ہے۔ جبکہ یہ سبز سونا بُری طرح سے ضائع ہورہا ہے۔ Desert area development scheme پر کروڑوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔ جدید ضلع رام بن میں خاص توجہ نہیں خطۂ چناب کو غربت و بے روزگاری کو ختم کرنے کیلئے نوجوان تعلیم یافتہ کیلئے Technical professional کالج کھولے جائیں۔ تاکہ جوان تربیت حاصل کرکے ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکیں۔ تعلیمی میدان میں یہاں کے دیہاتی طلبا کو وہ سہولیات میسر نہیں ہیں۔ ۵ اگست ۲۰۱۹ء کے بعد اور ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۹ء تک تعلیمی ادارے بالکل بند پڑے ہیں۔ حوصلہ افزائی کیلئے اعلان ہوا۔ مختلف سبجیکٹ ٹیچرس آن لائن درس دیں گے۔ جہاں گاؤں میں بجلی کی روشنی نہیں ہے۔ نادار اور غریب بچے کیسے لابھ اُٹھا سکتے ہیں۔ آج کل پوری دُنیا کی مخلوق کو وبائی بیماری سے مشکلات کا سامنا ہے۔ جو وبا کی زد میں آجائینگے۔ اُن کا والی وہی جس نے پیدا کیا۔ جینے والے اپنی روزی ایک دوسرے سے دُوری احتیاط رکھ کر کمائینگے۔ اِس میں کوئی چارہ کار نہیں۔ وبائی بیماری کی دوائی ویکسین، طبی عملہ کی تلاش بھلے ہی جاری رہے چیچک جیسی بیماری کا بھی زمانہ قدیم میں کوئی ویکسین منظر عام پر نہیں تھی۔ بچانے والے نے جس کو بچایا اُس کے چہرے پر داغ ثبوت ہمارے پاس تادم موجود ہیں۔ اِسے خالق مخلوق وباہ موجودی کی دوائی اپنے شفا کے ساتھ دستیاب کرتا کہ تیرے بندے خوشحالی کا سانس لے سکیں۔

ڈوگری زبان و پوگلی بولی

پوگلی میں جڑی بوٹیوں کی تازہ تحقیق

نمبر شمار	پوگلی	ڈوگری	اُردو
۱	نِگر	نِگر	مضبوط
۲	مارو	مارو	مرنے والا
۳	پَچھان	پَچھان	پہچان۔شناخت
۴	دَتھاہ	دَتھاہ	پُولا
۵	اَس اَسی	اَسی۔اساڑی	ہم۔ہماری
۶	تُس۔تُسہائے	تُسی۔تُساڑی	تم۔تمہیں
۷	دھوڑ	دھوڑ	گردہ
۸	بکھا بکھائے	بکھ بکھ	علاحدہ۔الگ
۹	اَس ۔اسہائے	اَس اسہاڑی	ہم۔ہماری
۱۰	چھِنڈا	چھِنڈا	فاصلہ۔دُوری

پوگلی میں جڑی بوٹیوں کی تحقیق:

۱۔ گیئوتھیر۔۲۔ ژِھور۔۳۔ چڑماک۔۴۔ گونڈھا کُچھ۔

۵۔ حُبل ۔ ٦۔ ژُورو۔ ۷۔ مندھو۔ ۸۔ ناگر پرژی۔ 9۔ ژریہکڑ۔ ۱۰۔ شاپُت مکائے۔ ۱۱۔ پرمژائن ۔ ۱۲۔ گھاس ہاڑ ذلیل ۔ ۱۳۔ مُلٹھ ۔ ۱۴۔ ہی پوش۔ یہ چودہ قسم کی جڑی بوٹیوں پر زمانہ قدیم سے تحریک و تحقیق جاری رہی ہے۔ اِن جڑی بوٹیوں کو قدیم الیام سے دوائی کے طور پر استعمال کرتے رہے ہیں۔ ادویات ویکیسن تیار کرنے کے دور میں یعنی دورِ جدید میں بھی اپنے طور سے زیادہ تکلیف، بیماری لاحق ہونے پر استعمال میں لائی جاسکتی ہیں۔ اِن کے علاوہ ۱۔ اددولی اِس کا پھول پیلا ہوتا ہے۔ ۲۔ شیشویہ بھی سطح زمین پر پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ ۳۔ حند کشمیری میں بھی حند کہتے ہیں۔ ۴۔ کال اگرٹھُ اِس کا پھول خوبصورت اور جڑا کھجور کی شکل کا ہوتا ہے۔ ۵۔ پہل کچھ یہ چاروائیوں کیلئے بہترین غذا ہے۔ ٦۔ اُفلاک:۔ یہ جانور بہت کم کھاتے ہیں۔ ۷۔ رام گاس:۔ اِس کا ذائقہ میٹھا پتے لمبے ملائم ہوتے ہیں۔ ۸۔ پُودینا:۔ بہت اچھی مُشکدار جو چٹنی بنانے کے کام آتا ہے۔ 9۔ پہی فکلی بھی پودینہ جیسی ہوتی ہے۔ ۱۰۔ وٹ کرم:۔ درمیانہ ملائم پتا سبزی پکا کر کھانے میں لذیز اور طاقتور اکثر گوہالہ مالیگام بنوں میں دستیاب ہے۔ ۱۱۔ پیڑ درلمبا پتا مول اِس کا فمش گول پتے سے مختلف مول جڑ یکسان اِس کی سبزی اکیلی تیل اور تھوم سے زیادہ مزیدار بنتی ہے۔ اور جٹ دوائی کے کام آتی ہے۔ کسروڑ:۔ اِس کو دُنیا جانتی ہے۔ اِس کی دُم لنگور کی طرح جڑ سے لیکر سر کی گولائی تک سونا رنگ بال ہوتے ہیں۔ کھانے میں بہت لُطف آتا ہے۔ ۱۲۔ جرموٗ۔ یہ گرم تاثیر کی سبزی ہے دُودھ میں گڑ کا کرا اکثر چھلکے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ ۱۳۔ وانی:۔ یہ کسروڑ کی شکل بہت ہاضمہ جنگلی سبزی ہے

ڈوگری زبان و پوگلی بولی

بحوالہ تواریخ تہ تنقید مصنف ولی محمد اسیرؔ کشتواڑی 590-591

مشتاقؔ پوگلی، منظورؔ پوگلی۔ ذوالفقارؔ پوگلی چھ ایمہ بولیہ ہیند صاحبِ تصنیف شاعر مرغوبؔ صاحبن تہٓ منشورؔ صاحبن یہٓ کہنہٓ شعار لِکھی متیِ دویمین شاعرن منزّ چھمولانا اثریؔ ،عبدالروف راہیؔ، محمد حسین نیلویؔ، فاروق احمد نادمؔ، شاہین وارابزرگ تہ نوجوان یم اتھ بولیہ پوچھرتہ وسعت دِنس منزّ سرگرم چھہٓ۔

ترقی ادب پوگل اُکھڑ ہالس ۱۹۸۲ء منز مشتاقؔ (کمیٹ) ادب صاحب رودی واریاہس کالس امیکِ صدر آزکل ۲۰۱۷ء چھ روف راہیؔ صدر غلام رسولشاہیں سیکرٹری پوگلی قلمکارن چھہٓ واریاہ محنت کرنچ ضرورت۔

بحوالہ عزیز مشتاقؔ کسی بھی انجمن، سوسائٹی این جی او یا بزمِ ادب کی رجسٹریشن کے لئے منشور بنایا جاتا ہے۔ اُس کے دستور پر ہی کام چلایا جاتا ہے۔ روف راہیؔ نے ۲۰۰۳ء غیر آئینی طور پر چناوٗ پوگلی بزم ادب کا کروایا جبکہ یہ خود مصنف اسیرؔ کشتواڑی کو (روئیدادِ کوہستان) ۲۰۰۶ ص ۸) حوالے سے بیالیس پوگلی شعرا سے آگاہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ انہوں نے چھ ممبران پر نام نہاد چناوٗ کرایا تھا۔ اور ۲۰۰۳ء سے ۲۰۰۵ء تک بحوالہ منشور پوگلی ادب جائز تھا۔ مدت گذر جانے پر دوبارہ چناوٗ کروانا تھا ۲۰۰۳ء سے مذکورہ ۲۰۱۷ء اور پھر تادم ۲۰۲۰ء تک کتنے چناوٗ کراوائے اور بزم کے سینئر مصنفین وشعراؑ کو نااہل قرار دیکر بہانہ سازی سے مالیات کا احتساب سترہ سال کا کس سردخانے میں رکھا ہے۔ کیا بولی کو زبان

ا۔ ذہنکتیے ۲۔ جھکیتے :۔ دونوں الفاظ ہم معنی ہیں ڈرنا۔ خوف ہونا لرزنا جیسے طالب علم (شاگرد) اکثر وستادُس جواب دینس ذہنکتیے چھُ ۲۔ دانت (بیل) اکثر دویوس دانُتس پیش کری جھکیتے چھُ گویا بیل دوسرے بیل یا بیلوں کو دیکھ کر ڈراتا بھی ہے اور کود بھی ڈرتا ہے۔ یہ ایک ٹانگ سے اپنی پیٹ اور سینے کو پیٹتا ہے۔ اور جھکیتے ہوئے لڑنے کی تیاری کرتا ہے۔ اگر دوسرے بیل نے لڑنے کی طرف توجہ نہ دی تو اِس کی یہ تیاری خاموشی میں بدل جاتی ہے۔ اِسی طرح شاگرد کو سوال کا جواب یاد ہے۔ لیکن وہ زہنکتا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ میرا جواب غلط ہو اُسکی خود اعتمادی کمزور ہے۔ بالا دونوں الفاظ قدیم ہونے کی وجہ غائب ہو رہے ہیں جیسے محمد یوسف ٹینگ سابقہ سیکرٹری کلچرل اکیڈیمی جموں وکشمیر نے مشتاق پوگلی کی لِکھی کتاب منظوماتِ شروَ پیش لفظ ''میری بات سُنو'' میں لِکھا ہے کہ پوگلی بولی کے قدیم الفاظ مرجھاتے ہوئے غائب ہو رہے ہیں۔ جو گھٹتی ہوئی سیاست کا استخارہ بھی ہے۔ کیونکہ ہماری سرکار کو علاقائی بولیوں کی طرف خاص توجہ نہیں ہے۔ جبکہ علاقائی بولیوں میں پوگلی بولی کی خاص اہمیت ہے۔ جیسے پوگلی بولی کشمیری زبان سے قدیم ہے۔ پوگلی بولی نے راجستھان کی زبان کا اثر ہماچل تک لایا اور یہاں سے بھی ترکِ سکونت ہماچلی بھاشا کے اکثر الفاظ پوگلی میں شامل ہیں۔ گویا قدیم پوگلی بولی نے کشمیری زبان کی تکمیل کیلیئے اپنی فراخدلی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اور دیگر زبانوں کے الفاظ قبول کیئے ہیں۔ بھلے ہی پوگلی کشمیری رسم الخط یا عربی سٹائل میں کمپوز کی جاتی رہی ہے اب بھی طرزِ تحریر میں مرغوبؔ تھیوری سے پوگلی کو خاطر خواہ سہولیات دستیاب نہیں جبکہ پوگلی تخلیق کار ادباً وشعراً موصوف کے حق میں دُعائے خیر کے دستِ بہ دُعا ہیں۔

ڈوگری زبان

نئے کرنسی نوٹوں میں شامل ہونے سے محروم

جموں۔ ۷ دسمبر 2016۔ شدید مذمت نئے نوٹوں کی کرنسی پر شامل نہ کرنے پر نیشنل پینتھرز پارٹی کا احتجاج چیئرمین ہرش دیو سنگھ کی صدارت میں جبکہ مرکزی سرکار نے ڈوگری زبان کو آٹھویں شیڈول میں ۲۱ دسمبر ۲۰۰۳ء کو منظوری دی ہے۔ جبکہ ریاست کے ایک حصے وادی کشمیر کی زبان کو نئی کرنسی میں شامل کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ ڈوگری زبان کو بھی بنیادی حقوق حاصل کرنا حق بجانب ہے۔ اِسی طرح صوبہ جموں میں دیگر زبانوں کو ریاستی سطح پر مقام نہ دینے پر یہاں کے اتہاس کو مِٹانے کی سازش ہو رہی ہے۔ صوبہ جموں کے کلچر و زبان پر ریاستی سرکار کی خاص توجہ نہیں ہے۔ ایسا سلوک صوبائی سطح پر سماج کے ساتھ ناروا اور غیر منصفانہ ہے۔ یہ خاموشی سے برداشت نہیں ہوگا۔ چونکہ قبل از مُلک میں اٹھاراں زبانیں تھیں اب بائیس زبانوں کے شامل ڈوگری بھی ہے۔ جبکہ ڈوگری زبان مُلکی مفادات میں حصہ دار اور حقدار ہے۔ اِسی طرح سے عزیز مشتاق پوگلی نے بھی ادبی مرکز امام آباد ضلع رام بن زبان و ادب کے مصنفین و شعرأ سے خطاب کرتے ہوئے زور دے کر کہا کہ پوگلی بولی و معاوٗن رام بن کی سرحدی بولیوں کو بھی حق ہے کہ اِن کو کانسٹی چیوشنل زبان کا درجہ دیا جائے جبکہ چیف منسٹر ریاست جموں و کشمیر نے عوامی دربار منعقدہ اکتوبر ۲۰۰۱۷ء میں یقین دلایا تھا کہ ضلع رام بن کلچرل آفیس کی منظوری دی جائے گی۔

پردھان منتری نریندر مودی

8 نومبر 2016 ءکو کرنسی بدلاؤ کا فیصلہ بنا مشاورت چار وجوہات پر:۔

(۱) کالا دھن مُلک گیر پر پھیلا ہوا ہے

(۲) دہشت گردی کیلئے کرنسی دردِ سر

(۳) جعلی نوٹوں کا نیست و نابود کرنا۔

(۴) رشوت خوری کو مُلک میں ختم کرنا۔

آج کی مُلکی رہنمائی کو اپنی دلیل شرائط پر بہت باریک طریقے سے جنتا کی زبان میں موثر کرنے کی اہلیت اعلیٰ پیمانے پر ہے۔ مہاتما گاندھی کی طرح آسان الفاظ اور مختصر طور پر گڑھے الفاظ میں دوسرے کوئی لوگوں کی آمادگی میں ماہر ہو۔

اروند کیجریوال چیف منسٹر دہلی:۔ سرکاری تنقید کے ماہر اور سادگی میں حمت سے حکومت چلانے کے خواہشمند نظر آرہے ہیں۔ جنتا پارٹی اِس حقیقت کو اچھی طرح سے سمجھ رہی ہے کہ اِس کے خلاف اِنٹرنیٹ پر نفرت کا سلسلہ جاری۔ گویا اِس کو بھگانے پر کمر بستہ طاقت لگائی جارہی ہے۔ کیجریوال موجودہ حکومت کیلئے ایک طویل مدت نزلہ اور دردِ سر رہے گا۔

ا۔ ممتا بینرجی ۲۔ نتیش کمار

شراب بندی کردی جائے تو ملک چین کی طرح ترقی کرے گا۔ جبکہ پاستان نے 1970ء سے شراب بندی کا حُکم جاری کیا ہے۔

(کانگریس خاموش)

نشر واشاعت پوگلی سُن حق

کٹھن راستوں کے چلنے والے پا لیتے ہیں منزل کو
جوراہ آسان لیتے ہیں وہ پاتے نہیں منزل کو

پُگلی بولیہ سنا قلمکارا ئے ۱۹۵۰ء اِگی لِکھنے سُن قدم تُلتُمچھ مگر گمنام تہٕ انفرادی آحتوٗ لیس منز کنڑ شعبہ نہ چھٗ ۶۸-۱۹۶۷ آحتہٕ باضابطہ طریقس تحریری توجہ دِتمتھ۔ ضلع رام بن نہ صرف اسی فیصدی بلکہ نوے فی صدی گامہ تہٕ دُور دراز بستی تھِ جرنیلی سڑکہ آحتہ کافی دُور فاصلہ چھٗ کُڈے نہ غیر مرہومیت تہٕ پسماندگی اَیس دیمہ طرفہ لیس پہاڑی خطہ ارضس منز سیاسی بدحالی تہٕ اَن پڑھتا اَیس تسایٔے ترقی سُن کھنوٗ حال چال اَیس پوگلی بولیہ آحٹن کلو میٹرن دُوری درمیان لہجہ سن ہنکھ فرق چھٗ یوٗ ہر زبان منزا اس چھٗ لیس بولیاسُن نام پوگلی چھٔیہ مختلف بولین تہٕ زبانن سنی مہارانی (دُلہن) تھِ خواہ دُنیاں سنے کِنڑس کولن بولنے یا لِکھنے ییرہ یسا بولیہ سنی را اچھی تہٕ حفاظت بذرگیئے تہٕ دیندار یئے، دھرم والیئے کمتھِ تیوں بزرگ اَن پڑھ سادہ آسنے باوُجودیکس دویوٗ ہمدرد نیک طبیعت تہٕ جانفشار آحتاہ خوشیین غمیین منز یکجا نبھان دینے والا امن شانتی سنا نمونہ پزیارہ خوش دِل آحتاہ، اصل پوگلی سنا الفاظن سیئت کلام ہمدردی خلوص بھری مُدرہ زبانی سیئت ادائیگی طریقہ تیون پُزے پاٹھِ پیارُو آحتوٗ دیپایٔے رِفرقن سنا مہنہ غربت تہٕ سادگی منز تے ہجرت یا فتن سنی کیھ زندہ تہٕ پائیدار مثال آزتاں اَسن لبعہ موجود تھِ۔ اَسائے یہنوئی یسا بولیہ تحریر حرکت دینے سنی بوٗحتی کے تخریب کاریٔے تفرقہ ترائینے والیئے علاقائی تعصب تہٕ اکوادہ سیاست سیئت ہر قسم سنیاں رکاوٹہ تراوچہ لِسانیات، مطبوعات تہٕ نشریات رِکچہ کلچرل اکیڈیمی مالی امداد منظور کمتی تے

بے ضابطہ غلط طریقن نیست ونابود کرنے آئینو جوان طبقس زبان وادبَ شوق آڈمُ لیکھوئ
برباد کرنے آوَ نام نہاد بزم سنا سرپرستائے ۲۰۰۳ء تاں بے دردی سینٹ لاپروائی کری
پوگلی زبان وادب سُن یوُ کاروان ناکام کو۔ ہَ یاونی غلط قسم سنی فطرت احساس محرومیت احتیِ
لیس سینٹ قلم کارن سُن شوق زبان وادب سنے سِلسلس منز تراڑی ظاہر گیئے کنڑائیے جو بیا
پوگلی کئڈی رجسٹریشن کرُن اد کینڑ یئے کوہستانی نام رچھنے سنی ناکام کوشِشا جاری رچھ چہَ
یُون بِچارن ماجانکاری تھ کہ ادبی، تعلیمی، کلچر، ثقافتی قدرہ بحال رہ چھ چاہے کا کیتہ اخلاقی
زور آزمائی آسرہ یسوہ ضامن یوُ مشن چلاوَنے والہ نوجوان آس چھَ فیس بکُس نٹ ورکُس
سینٹ قلمُس تے خاصہَ اہمیت تہَ افادیت تھِ کیتوہ بہتر گسہی آز تاں پوگلی تہَ معاوَن بولین
ضلع رام بنُس منز ٹی وی تہَ ریڈیو پروگرام نشریاتی مقامُس پانت مقامی نوجوانن سنیِ وُمید بھر
پوراُسہی اکثر نوجوان ہنر مند تہَ قلم کار بر سر روزگار کلاکار تہَ گلوُ کار مختلف لِجن منز کلچرل
اکیڈیمی سینٹ زڈُ تمتہ آسہون نام نہاد بزم ادبَ سنی کاہلی تہَ لاپرواہی فراموش ادبَ وزبان
ضرور تھِ دُوئے طرفہ سرکار سنی توجہ تے پسماندہ خلقت (جنتا) لیت ولل سناشِکار رچھنہَ راج
نیتی سنی یکھ کڑی تھِ کافی عرصہ گذروتوُ اُسائیے سیکرٹری کلچرل اکیڈیمی جموں وکشمیرسُ اِرہ بکھا
توجہ داولتی بارہاٹیگور ہال لال منڈی سرینگر یا ابھینو تھیٹر جمے سینٹر تہَ نوجوان قلمکارن، گلوُ
کارن، ہنر مندن سنا دفو دپیش بطور استدعا خاص توجہ پوگلی کلچر وثقافت کیوہ۔ آز تاں محرومیت
سناشِکار چھسم دِوکنڑ ادبی اِقتدار اِنصاف پسندیس جائز مقام سُن حق دیویِ۔ اِنشاللہ

اُلجھا ہے کہیں دامن رنگین کہیں ہیں کانٹے
گذر رہے اُسی راہ پہ مگر چھانٹے نہیں کانٹے

توحید پگُل پرستانیو

کِتاب وسنت کے بنو پاسباں مِٹادو خرافات پگُل پرستانیو

حق چھوُ زندگی کروُ بندگی بے بندگی حیات چھُو شرمندگی

اگر سِینس چھُو حرارت ایمان سنيِ دولت یہَ چھُو ساعان سنی

شفاعت نبیؐ سنی بہ فضل خُدا دیون آبِ کوثر یُوئی چھُن مدعا

صبرتہٕ خلوص شاداب چھُو ریاتہٕ غرور بِلا شک برباد چھُو

مِلن روحن تیر بنوی زندگی عقیدہ صحیح آئِس نیوی ِ روشنی

یتیمن اِت بائی کنُتھ شہیلا رچھُو حاسدن تہٕ ظالمن تیر قہلیار

عزیز مشتاقُس بندگی سوُ اِقرار چھُو عِبادت سینٔت یہ دُنیا آباد چھُو

○ ○ ○ ○ ○ ○

ہو بدنام اِنسان رذیلوں کے ساتھ
اگر پھاڑ پیسیس تو کالے ہوں ہاتھ

مہاتما و مودی

بانی آزادی مہاتما گاندھی سابقہ وزیر اعظم و نریندر مودی موجودہ وزیر اعظم

مہاتما ہندی بھاشا میں سب سے بڑا ہے۔ گاندھی اور مودی اِن دونوں الفاظ کی نسبت تفصیلاً لکھنا خصوصاً خاکسار کہنا مشکل ہے۔ بہر حال دورِ حلکومت کی چند باتیں لکھنے کی جسارت کروں گا تا کہ قلمکار حضرات کا شوقِ تحریر جنبش میں آ کر بُلند ہستیوں کی نسبت ِکردار و قومی ، ملکی خدمات و رہنمائی کا عملی و خاص تعمیری کار ہائے نمایاں کو تفصیلاً منظر عام تک لا کر ایک تواریخی دور کی یادداشت و رہنمائی جذبات کو قائم و دائم رکھنے میں کامیاب و کامران ہوں۔

مہاتما گاندھی جی کی خدمات کو رہتی دُنیا تک بڑے احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا کیوں کہ اُنہوں نے نہ صرف سماج کے خاطر بلکہ اِس پیارے مُلک کی آزاد اقتصادی ، معاشی ترقی و تمدن کے کاطر ہر قسم کے بلیدان (قربانی) کو عزیز تر پنجانا ہے۔ آنکھوں کی بینائی یعنی بچپن ، جوانی سے لیر عمر ڈھلتے عنک کے دور تک لکھنے پڑھنے کو اپنے اور اپنے دیش واسیوں کیلئے زیادہ توجہ دی اور روز مرہ کے امورات کی ہر حکمت کے علاوہ خود چرخے سے سوت کات کر فرہنگ کو اپنے دیش کی خوشحالی دھائی اور دیش واسیوں کو امن و سلامتی سے زندگی گذارنے اور مُلک کے تحفظ کا احترام سکھایا اُن کے لِباس سے شُبھ و نیک شکصیت کا تعین بار ہا یاد کر

کے مُلک گیر اتحاد و شانتی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ گاندھی جی مہا تما ہی نہیں بلکہ مہا پُرش شخصیت کے مالک تھے۔ جن کی مساوات، خدمات اور آڑے غریبی و افلاس کے دور میں امن اِتفاق و باہمی اتحاد کو برقرار رکھنے اکسی بھی رہنما کا مقابلہ ناممکن ہے۔ خواہ وہ آزادی کے بعد بھاجپا یا موجودہ حکومت تک کا دور کیوں نہ ہو۔ گاندھی جی نے ولایتی کپڑا تک مُلک میں استعمال کرنے سے گریز کروایا۔ اور اپنے ہاتھوں سے نہ صرف لباس بلکہ ہر قسم کی کارآمد چیزیں بنانے پر توجہ دلوائی تھی۔ اِس کے علاوہ جنگ وقتل و گارت سے نفرت اور مذہبی تعصب کو بُرائی و تخریب کاری کی جڑ ثابت کیا اور اِس بُری نقصان دہ چیز سے سماج کو باز آنے کے لئے انفرادی و اجتماعی کوششیں جاری رکھیں۔ آج ہمارے دیش واسیوں کو زیادہ تر ولائتی چیزیں فارن کپڑا ہی پسند ہے۔ کروڑوں ڈالر کا لباس پسند ہے۔ خواہ وہ اپنے یا دوسروں سے حاصل شدہ کیوں نہ ہو؟

گاندھی اور نیشنل کانگریس۔

گاندھی جی انڈین نیشنل کانگریس کے حامی تھے اور اسی پارٹی کو مُلک کا تحفظ جانا جاتا تھا۔ کیونکہ گاندھی جی کو مُلک تقسیم ہونے سے قبل غیر مُلک جنوبی افریقہ میں دوران تعلیم و تربیت بھی ایسی ہی سوچ تھی کہ اِنسانیت ہی مذہب ہے۔ اِسی لئے وہ ہر مذہب کا تہہ دل سے احترام کرتے تھے۔۔ سچے دل سے کسی کام کا انجام دینا ہی مذہب ہے اور اِسی سے ابدی زندگی میں چھوٹ ہو سکتی ہے۔ اور معافی کا حقدار بن

نوع انسان (منُش) ہوسکتا ہے۔ ہمارے مُلک میں ایسے عادات وصفات کو بہت عرصہ تک پسند کیا جاتا رہا ہے۔ انڈئن کونگریس کو وزیر اعظم اندرا گاندھی نے بھی عزیز ترین جان کر بار ہااِس مُلک کو چلایا تھا۔ وہ پنڈت جواہر لعل نہرو کی بیٹی تھیں۔ اُن ے پِتا کو مہاتما گاندھی کی تربیت تھی۔ اور بیٹی کو باپ لکی پرورش نے یہی درس دیا تھا۔ ہر دو ہم خیال وعوامل رہنماؤں کی ہتیا کر دی گئید یگر رہنمائے اعلیٰ آزادی کے بعد حکمران مُللک رہے۔ اور اپنی نا گہانی موت سے چلے گئے۔ اِسی طرح راجیو گاندھی بھی اِنڈئن نیشنل کانگریس کے ہم پلہ مُلک کے حکمران رہے۔ اُنہیں بھی حادثاتِ موت ہی نصیب ہوا۔۔ گویا انڈئن کانگریس کے سچے رہنماؤں نے دیش کو غلامی سے نجات دلائی۔ دیش کے مہلک ہتھیاروں سے اُن کی موت واقع ہوئی دیش کو مہاتما جی نے اتحاد سے یکجہتی کو قائم رکھنے اور ہر مذہب کا احترام کرتے ہوئے مُلک کو آزادی دلائی تھی۔ اور اس کے تحفظ کی ذمہ داری بھی اِسی جنتا کو سونپی تھی جو لوگوں کی آزادانہ نمائندگی پنچائت راج کی صورت میں رائج کرائی۔ آج بھی سرگباسی کے خیالات سے مُلک کی نمائندگی کو مدد مل رہی ہے۔ اِسی لئے سِکہ بدلنے کے باوٗجود بھی مہاتما جی کی عینک کو شامل رکھا گیا۔ مُلک کی آزادیی کی تحریک میں بڑی شخصیتوں، بُلند خیالات وکارکردگی کے نشانات ہمیچہ کیلئے نئ نسلوں کی یاد داشت کے طور پر تواریخ قدیم کی شکل میں موجود رہتی ہے۔ آج حکمرانی آتی بھی ہے اور جاتی بھی ہے۔۔ لیکن مہاتما گاندجی کا نام رہتی دُنیا تک تحریکی وتحریری قلم کو فراموش نہیں ہوگا۔

میاں غلام رسول انجمن ادارہ پوگل

محمد اشرف شاہ

میاں غلام رسول شاہ بھی روزگار تجارت کی غرض سے گذشتہ زمانے میں جموں سے سلسلہ پیر پنچال کے دامن میں ایک پہاڑی بستی پوگل پرستان میں تشریف آور ہوئے اِس علاقہ کے قدیم ہجرت یافتہ لوگوں نے پوگل پرستان نام بھی اپنے ساتھ لایا تھا۔ جہاں سے اُن کی ہجرت ہوئی اب یہ اونچا پیارا نام بھی جموں وکشمیر کا حصہ بن گیا۔ یہاں سے دین اسلام کی تڑپ نے اُنہیں راجدھانی دِلی کی مسافت کیلئے مقرر کیا۔ دہلی جاتے ہی اُنہیں ایک باوقار مدبر۔ مخلص شخصیت محمد اشرف شاہ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا بعد سلام اپنے کلام میں پہلا موزوں انجمن کے ذریعے مدرسے کا ذکراور لوگوں کی اقتصادی ومعاشی حالات کا ذِکر کیا۔ ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے کِس قدر دین اِسلام کا جذبہ شوق اور ناچیز زندگی سے موت کا خوف تھا مدرسے کا نام سُنتے ہی محمد اشرف کشفی شاہ مرحوم نے مدرسے کی سرپرستی قبول کر لی۔ چونکہ اِس سے قبل انجمن مدرسہ بمقام تھنہ ملیگام پوگل پرستان چل رہا تھا۔ بخیر شاہ صاحب سے ملاقات کے بعد میاں غلام رسول مرحوم واپس آئے۔اب مدرسے کے قوائد وضوابط مرتب کئے گئے چونکہ بنا دستور ضوابطہ

کوئی بھی ادارہ یا این جی او کام نہیں چلا سکتا۔ اب میاں صاحب کی واپسی پر نئے دو سکولوں کا اجرا کیا گیا۔ اِس دینی ادارے کی توسیع کی گئی شاہ کی حوصلہ افزائی نے لوگوں کے جذبات کو اُبھارا۔ اس ادارے کے اغراض ومقاصد طلباً وطالبات کو دینی درس سے فیضیاب کرنا تھا۔ کیونکہ یہ ادارہ نان پولٹیکل کی حیثیت سے مصروف کار تھا۔ غیر مقامی مرحوم میاں غلام رسول نے ۱۹۲۶ء سے ۱۹۴۰ء یعنی چودہ سال انجمن کے نصب العین کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اپنا تمام وقت اسلام کے کاطر وقف کیا۔ جواُن کی ابدی زندگی کا ذخیرہ اِنشااللہ محفوظ ہے۔

محمد ایوب خان سابق وزیر مال جموں و کشمیر

۲۸ ستمبر ۱۹۲۳ء چملواس تحصیل بانہال میں تولد ہوئے گریجویشن کے بعد انجمن کشفی کوہستانی پوگل ملیگام میں بحثیت ہیڈ ماسٹر ۱۹۴۷ء تک کام انجام دیا۔ ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۷ء تک وہ ااَئین ساز کونسل کے ممبر رہے۔ ۱۹۵۳ء ۱۹۵۲ء وزیر خزانہ کے ساتھ پارلیمانی سیکرٹری بھی رہے۔ ۱۹۵۷ء سے ۶۳ ء تک قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر رہے۔ اکتوبر ۱۹۶۳ء سے مشیر مال اور وزیر ٹرانسپورٹ بدستور رہے۔ گویا ۱۹۵۱ء سے ۱۹۷۷ء تک اسمبلی ممبر بدستور رہ کر مختلف قلمدان چلاتے رہے۔ ۱۹۷۵ء شیخ محمد عبداللہ کی سرکار آنے پر برطرف ہوگئے ایک ذہین خوش مزاج سنجیدہ طبیعت سیاسی لیڈر تھے۔ حرکت قلب کے بہانے سے دُنیاوی دھندے چھوڑ گئے۔

گذشتہ نمائندگان موجودہ ضروریات پوگل

ا۔ مولوی عبدالسبحان ۲۔ غلام قادر خان ۳۔ مُنشی غلام رسول بالی سوجمتنہ پوگل نے آج کی تحصیل پوگل پرستان کی نمائندگی بطور سرپنچ نہایت خوش اسلوبی سے انجام دی ہے۔ گویا مذکورہ مرحومین اِتنے بُردوبار، صابر، مدبرودانشور تھے کہ اتنی بھاری آبادی کی سماج کو دونوں ہندو مسلمانوں کو امن وشانتی سے اتحاد و بھائی چارے میں رکھا تھا۔ قومی دھارے میں رہ کر اطمینان وسکون کی اندگی گذارنا ہی جمہوریت ہے۔ اور یہ بنیادی طور پر سماج کی رضا سے اپنا اعتماد دیکر منتخب ممبر سے مُلک یا ریاست کے چیف تک ہوتا ہے۔ تعمیری کردار سیاست سے نہیں کام سے انجام ہوتے ہیں۔ اس پسماندہ بے یار و مددگار دپور افتادہ پہاڑی علاقے میں ہر بستی تک ا۔ روڈ ۲۔ علاقے کو ٹورازم کے دائرے میں لانا۔ ۳۔ تعلیم کے اداروں کو تقویت دے کر بڑھانا۔ بنی نوع انسان وحیوانات کیلئے طبی سہولیات فراہم کرنا ۔۴۔ پیڑ پودوں اور جنگلات کو بڑھانا، آدم کو پیدا کرنے والے نے پیدا کیا اور کھانا کھانے سکھایا تو اُسے اپنی فہم وفراست سے خود صفائی کا کام کرنا ہے۔ اِس کو مُلکی مدعے سے خاص واسطہ نہیں ہے۔ صفائی مرنے جینے دونوں اوقات ضروری ہے۔ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ جہالت کے زمانے مُلک عرب میں خصوصاً لڑکی کو جنم لیتے ہی مار دالتے تھے۔ آج تعلیم ہے جہالت غالباً ختم ہے۔ اِس دور میں لڑکی کو جنم دینے سے قبل ہی مادرِ شکم میں ہی گہری نیند میں سلا دیا جاتا ہے۔ تعلیم یافتہ ہونے کے باوٗجود بھی حرکات بد سے بھی اِجتناب نہیں کیا جاتا ہے۔

عبدالرشید خان کے زیر سایہ ایکسکرشن سرینگر

۱۹۵۷ء مڈل سکول پوگل کے طلباً بطرف سرینگر کشمیر عبدالرشید خان ہیڈ ماسٹر۔۲۔ جگت رام ٹیچر آراو وگلین ۔۳۔محمد حسین خان ساکنہ تاجہال غالباً بکرمی سال آخری ساون تھا۔ چاروں اطراف ہریالی ہی ہریالی تھی۔ پوگل سے پیدال بطرف نیل روانہ ہوئے۔ ہمارے سکول میں احمد اللہ ملک نام کا ایک چپراسی تھا۔رات کو نیل باٹو مڈل سکول میں قیام کیا۔ صبح چدوس کے راستے بانہال کی طرف روانہ ہوئے۔ کُنڈ جنگل پہنچے تھے کہ موسلہ دھار بارش شروع دِن ساڑھے تین بجے کے قریب چملواس بھاٹوں کی دُکان جہاں آج نیل کیلئے روڈ نکلتا ہے۔ہم پانچ لڑکے اور محمد حسین ماسٹر روڈ پر چشمہ آج بھی موجود ہے مٹی گارہ وغیرہ ساف کررہے تھے کہ ریاست کے وزیر اعظم بخشی غلام محمد جموں سے سرینگر بائے روڈ خوش قسمتی سے نمودار ہوئے۔ ہم نے کار کی جھنڈی دیکھ کر بخشی صاحب زندہ باد کے نعرے بُلند کئے مختصر ٹائم رُکنے پر مختصر تعارف ہوا چلے گئے ابھی ہم پیدال زرہ آگے جارہے تھے کہ بانہال سے بخشی صاحب نے دو گاڑیاں روانہ کیں۔ دونوں پر سوار ہو کر ہم قبل از مغرب نماز ڈاک بنگلے بانہال پہنچ گئے۔ وہاں کا کھانے اور رہائش کا بل بخشی صاحب نے اپنی جیب سے دیا۔ صبح خود بھی چائے پی کر دو گاڑیاں سرینگر کیلئے ری ضرب رکھوالیں اور کود سرینگر چلے گئے۔ اُس زمانہ میں ٹاپ کا ٹنل چالو تھا۔گاڑیوں کی رفتار آہستہ تھی ہم نو بجے صبح بانہال سے نکلے تھے۔مغرب نماز پر سرینگر پہنچ گئے۔ وہاں کا کھانا، رہائش فری صبح دو گاڑیاں ری ضرب تین باغات کی سیر وتفریح ہارون باغ، چشمہ شاہی، شالیمار باغ اور نشاط باغ دن بھر گھومتے رہے۔

رات کو سرینگر قیام کیا۔ صبح دو گروپوں میں ایک گروپ ویری ناگ سے ہوتے ہوئے کپرن وغیرہ سے ہوتے ہوئے گھر آئے۔ اور دوسرا گروپ قاضی گُنڈ سے بانہال کے راستے گھر چوتھے دن آ گئے۔ اِس زمانے میں مختلف قسم کا کلام پوگلی چن دس لڑکوں نے پوگلی زبان میں گائے۔ سُر لی آواز میں گانے والے احمد اللہ بالی، عبدالرحمان پرستانی، محمد حسین سجن اور مصنف تھے۔ ہمارے والدین اس دور میں دس روپیہ فی لڑکا خرچہ پر چار دن سرینگر سے ایکسکرشن کر کے واپس آئے۔ یہ بھی مرحوم عبدالرشید خان کی نیک نیتی اور نیک دعاؤں اصلہ تھا ہمارے ساتھیوں میں صرف دو چار ساتھی ابھی تک حیات ہیں پوگل کے حیات میں (۱) چتر سنگھ ولد پُنو رام دھنمستہ (۲) عبدالرحمان سوہل سینئر ہیڈ ماسٹر ریٹائرڈ اب وفات پا چکے ہیں ۔ (۳) عبدالصمد کمہار وگن پوگلی۔ ریٹائرڈ ایگریکلچرف اسسٹنٹ۔ (۴) خاکسار عبدالعزیز مشتاق پوگلی۔ ایک واقع یاد آیا شالامار باغ میں سیبوں کے باغ ما مالی کھانا کھانے گیا میرے ساتھ عبدالصمد کمہار اور سینئر ٹیچر سیف دین لون تا جنہال صاحب بیٹھے تھے۔ اُنہوں نے کہا باغباں چلا گیا۔ اگر پتھر ہوتا درختوں سے سیب گرتے پتھر کی نایابی پر سیف دین مرحوم نے صمد صاحب کا بکر والی جوڑہ جس میں لوہے کی میخیں لگی ہوئی تھیں درخت کو پھینکا درجنوں سیب جھڑ آئے۔ مگر جوڑہ درفکت پر ہی پھنس گیا۔ صمد جی بُرا بھلا کہتے ہوئے رونے لگا۔ ہم نے سیب اُٹھا لئے تھے۔ مرحوم سیف دین بہت ہوشیار تھے اُسی کا دوسرا جوڑہ زور سے پھنسے جوڑے کو مارا اب کی بار درجنوں سیب جھڑے۔ دونوں جوڑے مل گئے اب ہم نے سیب چُن کر سب ہی اُسی صمد جی کو دیئے۔ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین ساتھیوں کو جنت الفردوس عطا کرے۔ بچپن لڑکپن ایسے حرکات سے بھی خوش ہوتے ہیں۔

میری شام منتظر ہے کسی اور صبح نو کی
یہ سحرا نہیں مُبارک ہو جو ظلمتوں کے مارے ہوں

عبدالرشید خان مثالی اُستاد

کردار کی عظمت کو رُسوا نہ کیا اُس نے۔
چوٹیں تو بہت کھائیں دھوکہ نہ کیا اُس نے
(مشتاق پوگلی)

گلشن میں بڑی دیر سے بہار آ رہی تھی پنیری یہ رشید خان کی لگائی ہوئی تھی۔

عبدالرشید ولد غلام قادر بوہرو المعروف خان ۱۹۳۳ء بخانہ غلام قادر ولد عبدالصمد بوہرو تحصیل رام بن ضلع اودھمپور تولد ہوئے۔ آپ کا خاندان باورے خاندان سے ملتا ہے۔ آپ کے والد محترم فارسٹ لیسز ہیں، ٹھیکیداری کا کام کرنے کی وجہ سے "خان" ریکارڈ کاغذات ایگریمنٹ وغیرہ میں ہو گئے ہیں۔ بوہرے بھی کھش قبلے سے تعلق رکھنے والے بہادر حاضر جواب ہوشیار، ذہین شکار کے شوقین اور پوگل میں بستی دینے والوں کے اول کنبہ جات میں سے ہیں۔

آمدم بر سر مضمون مرحوم عبدالرشید خان کے ابتدائی تعلیم سینٹرل سکول پوگل میں حاصل کی ۔ یہ سکول بنا عمارت کے گھومتا پھرتا تھا۔ راجاؤں کی حکومت میں کھوڑ ہال سے اس مدرسے کو پوگل لایا گیا تھا۔ مرحوم عبدالرشید خان نے بارھویں جماعت ایف اے تک اسلام آباد کشمیر میں تعلیم حاصل کی۔ کالج میں یہ اعلیٰ خطیب، ڈبیٹر، خوش نویس اور والی بال

کے بہترین کھلاڑی تھے۔ اپنے اُساتذہ و پرنسپل کالج سے دادِ تحسین حاصل کرتے رہے تھے۔ اکثر شعر و شاعری، فارسی، اُردو، اور پوگلی میں لکھنے کے شوقین تھے۔ کنبہ اور پاس پڑوس کے لوگ ان کو آگے بڑھانا چاہتے تھے۔ مرحوم نے علاقے میں سینٹرل سکول کیحالت زار کو دیکھ کر جو بے سروسامانی و عارضی اُساتذہ کی وجہ سے دربدر دیکھا خود جاکر ڈسٹرکٹ آفیسر ڈی ای او دوڈہ سے سینٹرل سکول پوگل کیلیئے بحثیت ٹیچر آرڈر لایا۔ قبل اس کے ڈوڈہ وکشتواڑ جموں کے اساتذہ ہوا کرتے تھے۔ اُن کے ایک ہی خطاب سے وارثین طلبأ کے دلوں میں تعلیم کا جذبہ اُبھر آیا۔ چونکہ مرحوم بہوش وحواس خمسہ لوگوں کی تربیت وا:ن پڑھتا کی حالت میں ٹیچر بھرتی ہوئے تھے۔ اسی لئے وہ اپنی آبلہ پائی کی شکایت اور بے دردی زمانہ کا شکواہ بغیر انتہائی خلوص ولگن کے ساتھ اس ادارے کو سماجی اشتراک سے چلانا چاہتے تھے۔ اُن سے پہلے پوگل پرستان نیل میں صرف دو اُساتذہ (۱) الف دین گنائی اور (۲) غلام محمد ڈینگ تھے۔ ملیگام باس اور نیل باٹو سے تھے۔ اُن کے درمیان وادی پوگل میں مرحوم خان نے تعلیمی چنگاری کو آفتاب کا سایہ حاصل کرنے کی کوشش شروع کی۔ اُن کے بھائی بھی عبدالجبار خان بعد میں فارسی ٹیچر بھرتی ہوئے تھے۔ جب مقاصد بُلند ہوں اور کافلہ کا زادِ راہ خلوص عالی ہمت، سچی لگن اور عزائم جواں ہوں تو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں قدم قدم پر سایہ فگن ہوتی ہیں۔ یہ گھومتا پھرتا تعلیمی ادارہ نہ تھا بلہ یہ اصل میں کثیر المقاصد پروجیکٹ تھا جہاں بیٹھنے کا کوئی ٹھکانہ ہی نہ ہو اُس کی تعلیم کا کیا حال ہوگا؟ مرحوم اُساتذہ نے بذریعہ طلبأ اطلاع دی اور ایک میٹنگ بُلائیاس میں ساتویں سے ہی ااٹھویں کلاس کھول دی۔ بعد میں تعمیرات

کے سلسلے میں کئی میٹنگیں بلائی گئیں۔ یہ جذبہ شوق دلہیری کا ایک کارنامہ تھا۔ اُس دور کی سیاست اِس ہائی سکول پوگل کو بے دردی سے منتقل کرنے کے درپہ تھی۔ ہمارے بزرگوں نے ہمت سے رشید خان کا ساتھ دیا۔ اب ہیڈ ماسٹر ڈی ڈی او باسکر ناتھ بلاک ہیر انگر سے آگئے تھے۔ دامن پوگل کے اکثر تخریب کار سکول کا سامان جبراً لوٹنے کیلئے بھاری تعداد میں اا گئے۔ بزرگوں نے ان کو شرمندگی میں ناکام کر کے واپس کیا، ہمارے آج کے مختلف سیاسی سیاست دانوں میں ہائر سکینڈری کی جگہ لی عرصہ دو دہائیوں سے کر رہے ہیں اپنا مطلب باتھ روم سے لیکر پھر جگالی شروع کر دیتے ہیں۔ علاقائی سماجی مفادات کے بغیر اپ گریڈ کلاس کھولنے بنا سرکاری آرڈر کے سکول کا قیام کا ریزولیشن پبلک میں پاس کروانا سہارا ابھی نہیں ہوتے ہیں۔ اُن کے ساتھ سرف دو اُساتذہ تھے۔ پبلک ڈیمانڈ رکھتے ہوئے تیسرا اُستاد محمد حسین خان تاجہال گاؤں کا بھرتی کروایا۔ اب خود لیکر چار اُساتذہ ہو گئے۔ مصنف کی ایڈمیشن پہلی جماعت میرے محترم بھائی مرحوم محمد حسین نے ۴ اپریل ۱۹۵۰ء کو عبد الصمد سیکرٹری کے مکان میں کروایا۔ کچھ عرصہ مسجد خان پورہ کے گرد و نواح میں پڑھتے رہے۔ یہاں مسجد میں مرحوم خان کے دادا عبد الصمد بوہرو سکول کے بچوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے نومبر میں بخانہ محمد رمضان ولد جمعہ بالی ترگام سکول کا سامان چار کرسیاں ایک ٹی پائی دو ایزل بورڈ۔ دو ٹرنک، دو پیس ٹاٹ رکھدیا۔ نزدیکی قبرستان میں لڑکے پڑھتے تھے۔ بارش اور سخت دھوپ میں تحفظ اللہ کا ہی سہارا تھا۔ سال 58-1957ء میں ہماری تاپ کلاس بورڈ مڈل کا امتحان پاس کر گئی۔ چند لڑکے برائے داخلہ بانہال ہائی سکول چلے گئے

مرحوم خان صاحب نے نویں کلاس کھول دی۔ اور ہمٰن بانہال سے واپس لایا۔ یہ خود
1958ء بی ای سی کیلئے بھدرواہ چلے گئے۔ 1959ء میں ٹرینڈ ہوکر اِسی سکول میں آگئے
ہم نے نویں کلاس کا امتحان بانہال سے بطور پرائیویٹ پاس کیا۔ چار ماہ تک چندلڑکے ہائی
سکول بانہال پڑھتے رہے۔ چار ماہ کے بعد دسویں کلاس کے بچوں کو پوگل بُلا لیا۔ بغیر آرڈر
کلاس کھول دی۔ اس پر چند ماہ تنخواہ بند ہوگئی۔ اودھم پور سے میٹرک امتحان کے بعد منظوری
ہائی سکول پوگل 1960ء میں ہوئی ہے۔ ہر دو امتحانات مڈل سٹینڈرڈ اور میٹرک اچھے نتائج
پرمحکمہ کے افسران مطمئن رہے۔ تب جا کر مجبوراً اُن کی مدد کی۔

ساتوین پاس کرنے کے بعد مالی حالات وغربت کی وجہ سے تعلیم چھوڑے
ہوئے لڑکوں کو خود اوور ایج (Over age) کی پرواہ نہ کرتے ہوئے داخل کیا۔ یہ ہم
سے عُمر میں بڑے تھے۔ (۱) سیف دین ولد اکبر لون نویں جماعت (۲) محمد حسین ولد
عبدالصمد سیکرٹری (بزرگ) آٹویں جماعت (۳) ا ▬ وحسین ولد رحیم بوہرو (چاچا)
آٹویں۔ اور محمد حسین ولد محمد و بالی نوگام ساتویں جماعت میں داخل کیے تعمیرات سکول
کیلئے اراضی کا بندوبست کروا لیا اور اپنا حصہ اراضی سکول کیلئے وقف کر دی۔ جنگل سے
لکڑی، بیم کڑیاں بڑی کلاس کے طلبأ کو ساتھ لیکر پچھان ہیڈ لوڈ کر کے ایتوار چھٹی کے
دن خود بھی کاندھا لگا کر حوصلہ افزائی کرتے ہوئے سکول بلڈنگ بنوائی تھی۔ ملازمت کے
آخری ایام مرحوم نے پرستان نوگام میں گزارے تھے۔ وہاں پرائمری سکول کی بلڈنگ
بنوائی تھی۔ اولاد نرینہ نہ ہونے پر تنہائی میں مایوس رہتے تھے۔ خالص تمباکو کا سہارا لیتے

تھے۔ کبھی کبھی پوگلی بولی میں اشعار جوڑنے میں تائم پاس کرتے تھے۔ چند سال پبلک ڈونیشن سے دومنزلہ سکول بلڈنگ کی جگہ تبادلے میں چھوڑی گئی اور علاوہ زمین عبدالصمد کٹوچ (زیارت) سے خریدی گئی جو ٹوٹل رقبہ آج زیر قبضہ سکول ہے۔

(اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل۔ لوگ آتے گئے کارواں بنتا گیا۔)

پوگل صرف دو پہاڑی علاقہ جات پوگل نیل اور پرستان کا جغرافیائی لحاظ سے سینٹر ہے۔ جس کی دلیل انجمن کشفیہ کوہستان پوگل پرستان نیل ہے۔ اور یہ حلقہ پٹوار پوگل بھی ہے۔ اِسی حلقہ کا یہ حال ہے۔ اس کو سیاست کار دین دار طاقتور قلم کار بھی اپنے اپنے انداز و پیما سے بانٹتے ہیں۔ یہ صاف عیاں ہے دلائل دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مرحوم خان کا دلھیرانہ کام میٹرک کا سینٹر امتحان پوگل منظور کروانا تھا۔ کئی سال اودھمپور سے لکر انت ناگ تک کے لوگوں نے اِس سینٹر کا فائدہ اُٹھایا قریبی اُمیدوار پانچل اور مالیگام رات کو اپنے قیام گاہ امتحان دے کر گھروں کو واپس جاتے تھے۔ بیرون اُمیدوارں کو پوگل والے پناہ دیتے تھے۔ یہاں غور کرنے کا مقام ہے کہ سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں روز گار میں اضافہ ہوا تھا۔ مرحوم عبدالرشید خان کی جفا اور نیک دعاؤں سے کے اے ایس آفیسر آئی اے ایس۔ ایل ایل بی، ایم بی بی ایس، بی ایس سی بی ایڈ، انجینئرنگ وغیرہ کے علاوہ یہ سیاسی علاقائی نمائندے ہائی سکول پوگل کی بدولت اور رشید خان کی انتھک کاوشوں کی وجہ سے نصیب ہوئی۔ آجکل چند فاصلے پر ڈگری کالج ہیں۔ سائنس کالج ہیں، ٹیکنیکل کالج ہیں۔ ابھی ان ادارہ جات کا پھل سماج نہیں اُٹھا پایا ہے۔ اِن سے نکلے

ڈگری یافتہ بے چارے ایم ایس سی کرنے والے ایس پی او بھی نہیں لگتے ہیں۔اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ مرحوم الف دین گنائی تعلیمی بابائے قوم مالیگام اور مرحوم عبدالرشید خان بابائے قوم نہ صرف پوگل بلکہ سماجی تعلیمی خطہ ارض اننت ناگ سے اودھم پور تک یاد کئے جائینگے ۔آج کے سبکدوش آفیسران کے بقول واقعی عبدالرشید نثار خان مرحوم علاقائی تعصب سے بے لوث خدمت خلق کی ایک مایہ ناز ہستی تھی۔ حقیقت کو پس پردہ ڈالا ہوا بھی نظر آ ہی جاتا ہے۔اُس دور میں ہائی سکول پوگل نہ سرف پوگل مالیگام ، پانچل، آلنباس، پرستان ،نیل تاجنہال ، چملواس ، کھڑی تھے بلکہ اُودھمپور ، بھدرواہ، گول گلاب گڑھ اور اکثر بانہال کے فورتھ کلاس ملازمین نے پوگل سینٹر سے امتحانات پاس کئے ہیں۔ ماشااللہ تواریخ پوگل پرستان کتاب کا مطالعہ کرنے والے فہرست مضامین کے علاوہ بھی ورق گردانی کرتے ہیں کہ مرحوم عبدالرشید خان کا نام دیھ کر اپنے اُستاد کو جنت کی دعا دیں گے۔آخری کتاب کے اوراق تواریخ بھی آلنباس سے لیکر مینڈک باس تک زندہ لوگوں سے پیار بھری دیکھی جاتی ہے۔ بھری ساختہ پوگلی زبان سے بولنا، آنکھیں پُرنم، دِل غمگین ،لرزتی قلھم کالی شیروانی۔سفید تنگ پاجامہ مٹھاس وپُر جذبات میں خطاب کرنے والا رشید خان حرکت قلب بند ہونے پر 25 اپریل 1969ء کو اس دار فانی سے رخصت ہو گئے ۔مرحوم کے تعلیمی سلسلے میں نیک کارہائے نمایاں انجام دینے پر رب سے دُعا ہے کہ روح اطہر کو عالم برزخ میں اعلےٰ مقام جنت الفردوس عطا ہو(آمین)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پوگل: تحریک کی روشنی میں

کھش قبیلہ بہادری، جوانمردی، شجاعت، دلھیری سے زندگی گذارنے کا اعادی ہے۔ اُن لوگوں نے آج کے ضلع رام بن کے پہاڑی علاقہ جات سراز پوگل پرستان نیل کے علاوہ کشتواڑ وڈینگ بھٹل کے اونچے پہاڑی دروں میں بستیاں بسائیں اور مقامی جگہوں کے نام رکھے بعد میں ریونیو ریکارڈ میں اندراج ہوتے گئے یہ لوگ پہلے جھونپڑیوں میں گزارا کرتے تھے پھر یک منزلہ مکان لکڑی پتھر مٹی سے بنائے رفتہ رفتہ دومنزلہ مکان دروازوں، کھڑکیوں کا رواج ہوا دومنزلہ مکان کے اندر سے ہی مال مویشی کی دیکھ بھال کیلئے آجکل کی سیڑھی لفٹ (اُگم) رکھنے لگے۔ گویا قبیلہ ترقی پر گامزن ہونے لگا۔ حلقہ مالیگام گوہالہ کی آخری حد پر ''اُگمن'' اور ''دھری'' یعنی وہاں گُپھا بھی ہے۔ یہاں پر آبادی گواہالہ ''ہاکچن'' سے نکل کر اُگمن کراس کر کے ایک چھوٹی سی بستی براڈسُول، ماندری حد بندی شامل جھوڑا، ڈھاکی والا، مُنل گوٹھ شمال مشرق سستر ناڑی۔ جابہ مالن سر۔ درڑ چورکوٹ، حس راز اس کے بیک میں کپرن ویری ناگ کشمیر کے ساتھ ملتے علاقہ جات ہیں۔ بہرحال قبل اس کے بھی سرسری لکھا جاچکا ہے۔۔ چونکہ اکثر مقامات تحریک زبان وادب سے تعلق رکھتے ہیں۔ لہذا اِن کی تلاش لازمی ہے۔ ''اُگمن''

اُس مقامی جگہ سے عیاں ہے کہ اندر سے دوسرے اندر جانے کے راستے کو ''اُگمن'' کہا جاتا ہے۔ لہجہ نیل و پوگل میں وگو کہا جاتا ہے۔ اُگمن کے ساتھ اوپر آلین جو کاپیں گھاس کے لحاظ سے مشہور ہیں۔ ''گریزالہ'' اسی آلین میں واقع ہے ''آلین یا آلیا پوگلی میں پرندے کے گھونسلے کو کہا جاتا ہے۔ ''گریز'' پوگلی زبان میں گدھ کو کہا جاتا ہے۔ گویا آلین میں کثرت سے گِدھ کے علاوہ بھی پرندے بچے پیدا کرنے کیلئے گھونسلے بناتے ہیں۔ ایسے مقامات خصوصاً سردیوں میں تنہائی اور سائڈ'' دھوپ والی مشرق کی طرف ہے۔

پوگلی بولی میں ''کیلم'' اور سِلم دو درخت ہیں جن کے پتے سُوئی نما ہیں مگر خصلت اپنی اپنی ہے۔ پکی مضبوط دونوں بہنیں ہیں۔ ''کیلم'' دیودار کو پوگلی میں کہا جاتا ہے۔ گوہالہ کے سرے پر ''کِلمن'' ایک خوبصورت جگہ ہے جو دیوداروں کا جھنڈ ہے۔ ساتھ میں قبرستان شہر خاموش میں بُزرگ ہستیاں مدفن ہیں۔ جن کے پیر میں عیدگاہ بھی ہے اِسی طرح سے دیورن نام کی جگہ (سروغ) باس اور گوہالہ کے درمیان بارش پیما مشین قدیم دور میں لگائی گئی تھی۔ گویا علاقہ پوگل پرستان، نیل ذیل تین کونہ حد بندیوں میں ہے۔ سب سے زیادہ رحمت باراں ہوتی ہے۔ (۱) ٹکرہ چونتھان، گواہالہ برار سپول، باڑ دری (۳) جراڈی میں برسات خوشنما ہوتی ہے۔ مخالف سائڈ میں گگولی، زیون کا پُر فِضا جنگل جوفر، کائیل، کھنسر لی، گگھو، برمی، اور شرانگل جھاڑیوں سے بھرا ہے۔ اس جنگل میں جنگلی مُرغے، گگی، کبوتر، برساتی طوطے ہوتے ہیں۔ زیادہ گُگی پرندہ یہاں کا برساتی بسمین ہے۔ اسلئے اس

جنگل کو گگولی کہا جاتا ہے۔ پوگلی میں ''ون'' جنگل کو کہا جاتا ہے۔ زاون پہلے جنگل تھا بستی کے بعد زاون یعنی کشمیری میں ذا پیدا ہونے جنم لینے کو کہا جاتا ہے۔ ''زاون'' جنگل سے یہ بستی آبادی سے ظہور پذیر ہوئی ہے۔

یہاں پر دونوں ہندو مسلم بھائیوں کے زمینی حصے و حقوق ہیں ۔ چراگاہ اور خوبصورت سنسیری کا سلسلہ جوڑ دُودھ پاؤ آتا ہے۔ اِسی طرح سے پرستان کی حد بندی سے شروع جو چونتھان سے بقول انجہانی ڈی ڈی ٹھاکور بحوالہ یادوں کے چراغ ''مدھومتی'' کے کراس (عبور) کرنے ''نگی'' سی ٹوکرے کی شکل ہے۔ اِسی سرحدی جنگل کٹھوکرہ کہتے ہیں۔ چونتھان بھی مقامی نستی کا نام ہے۔ یہاں پر رانا راجپوت بستے ہیں سینا بھتی پرستان کی خوبصورت بستی ہے جو شرادھار کے مخالف میں درے کی شکل میں راملا، کوڈوڑہ، باسن، ژڑی ہالن، چھونکہ پرستان اصل کے ساتھ گوروتی، ہٹ نیال تامنیہال مخالف میں گُجراڑہ، نوگام ژولی، شرگلی محل نال آگے جاتے ہوئے پِنگارہ، ڈیخالہ نرتھیال ۔ ہنگی اور پھاگمولہ داخل پوگل کے خوبصورت گاؤں ہیں اب لینک روڈ اُکھڑہال حال سے پنگارہ تک مکمل ہو رہی ہے۔ یہ علاقہ جات رام بن اور اکھڑہال تحصیلوں کے مشترک ہیں ہوچک، لُدڑ گام النباس، مُتلہال، اُکھڑہال، کونچی، بٹرو، دھنمستہ، ہیی وگن،، سرلان، تاجہال، کھوڈ منڈھا، رونی گام قلعہ پانژالہ،، کھاروان، وگلین، مکوکوٹ، کھوڑہ، دردہی، برتھیال، پانچل، کرشن منڈی، گوہالہ، چاکوئی حافظ آباد اپرنورہ، لوئر نورہ، مشتاق پورہ دُولپورہ، خان پورہ، کھوڑہال ۔ آڈہال، کوٹ، منڈکھال، گُنڈہ، نوگام،

،ترگام، چھکنی ، ہیوپیا، تھنہ ،مرنال، نارُڑ، باس ۔سونواہ، گھرٹاہلی، پنلہ، دوہیرہ
،وٹل داراس کے علاوہ وادیٔ نیل کے بستی و جنگلی آبادی کے خوبصورت مقامات سبزا
زارمیدان دِگون سرنگہ، ،لدنہال ٹاٹکا، ڈھکمدھومتی، شربت ندی، اورمدھرکول کے
علاوہ چھوٹی ندیاں سُنہرے جنگلات اوراس میں بسمین مائیگرنٹ پرندے وجانور
آبشاریں اور خوبصورت درے دِلکش قدرتی نظارے ٹورازم کو دعوت دینے کی
تیاری میں بے تاب نظرآرہے ہیں۔ اگرسرکاراس طرف توجہ دے اور مقامی مرہنما
تعمیری ذہن قومی وعلاقائی رہنمائی کا جذبۂ شوق رکھنے والا دیانتدار مساوی حقوق
کاتقسیم کارکو خدمت کرنے کا مواقع ملے تو یقیناً پوگل پرستان نیل جلد ہی ٹورازم
(سیروسیاحت) کا حقدار ہوسکتا ہے۔ اِن تمام پہاڑی علاقہ جات میں پوگلی بھاشا
بولی جاتی ہے، اَن لوگوں کا کلچر، معاشرت، تمدن تہذیب آپس میں جوڑا ہوا ہے۔
اللہ کی منشا سے نیل پوگل اور پوگل پرستان کے درمیان دو پہاڑیاں اِس گنجان آبادی
کوتقسیم کرتی ہیں۔ کاش! اگر یہ دو پہاڑیاں واقع نہ ہوتیں تو بالہ یپُور۔ پوگل
پرستان نیل بھی ایک خوبصورت وادی ہوتی۔ اور اِس وادی کے ہماچل، چمبہ بھر
مور سے ہی کشتواڑ سے دیسہ پرستان کے اندر ہی ریلوے سروے براڑسُول پوگل
سے ویری ناگ ہوتی۔ جنت بے نظیر وادی کشمیر مُلک کے ساتھ جُڑ جاتی۔ مُلک کا
تاج چاند کی طرح دُنیا کے ممالک دیکھتے رہ جاتے۔ ایک طرف سے پیر پنچال
کے اندر سے ہی جو ہرٹنل فوروے اور دوسری جانب ریلوے کے روٹس کے علاوہ
ہوائی رُوٹ بھی اِسی خِطۂ ارض سے گذرتا ہے۔ گویا وادی کشمیر بشمولہ صوبہ لداخ کو

ضلع رام بن ہی مُلک بھارت کے ساتھ جوڑتا ہے۔ یہ ضلع گیٹ وے آف وادی کشمیر جنت بے نظیر کہلاتی ہے۔ یہ ضلع طویل واریض ضلع مشہور ومعروف ڈوڈہ سے الگ ہوا ہے۔اور کشتواڑ ضلع بھی الگ ہوا ہے۔ اِن موجودہ تینوں ضلعوں میں ضلع رام بن ہی ہر لحاظ سے پسماندگی کا شکار ہے۔ تعلیمی لحاظ سے غلام نبی آزاد کے دور میں رام بن اور بانہال دو کالج کھولے گئے تھے۔ جبکہ ضلع کے لنک روڈس ضلع رام بن۔ا پوگل پرستان روڈ رامبن راجگڑھ روڈ، رام بن گول روڈ رام بن وادی نیل روڈ رام بن مہومنگت روڈ، بہرکیف یہ پانچ لنک روڈ آبادی کے تناسب سے ہی نکالی گئی ہیں۔ بلکہ رام بن سومڑ لنک روڈ بھی ریلوے سے جُڑی ہوئی ہے۔، سیاسی نمائندگی کا شوق رکھنے والے رہنماؤں کو مزید چھ ڈگری کالج دلوانے کی ہمت سے فیصلہ کرنا ہوگا۔تب جا کر اِس پسماندہ علاقہ کی رہنمائی ہوسکتی ہے۔لوگ انتہائی غربت وانپڑھتا کے شکار ہیں۔ ہر پلان میں کم گو غریب ونادار لوگوں کو تعمیر وترقی کی قدیم جُگالیوں کا اعادہ کر کے ہی تال دیا جاتا ہے۔ جس کی ایک ظاہری مثال ہائی سکول پوگل کی وہی خستہ حالت ہے جو 1958ء میں تھی۔ جبکہ اُس زمانے میں بانہال اور پوگل دو ہی ہائی سکول تھے۔ اِس حلقہ انتخاب میں رہنمائی کرنے والے رہبروں کو کبھی اس پسماندہ علاقہ کے جوانوں کی تعلیمی پستی پر ترس آتا ہوگا جواب نفی میں ہے؟ سیاسی رہبروں نے بارہا لوگوں سے حقوق حاصل کئے ہیں اور حقوق کی ادائیگی میں ناکام ہیں۔ اس ے علاوہ چھوٹے موٹے تعمیری کام بھی اپنے من پسند مفاد پسند فیلڈ اپنے ہی ورکروں کو دیا جاتا ہے۔ جن کو علاقائی

تعمیر وترقی، صحت وتعلیم، رسل ورسائل کا کہیں دُور کا بھی واسطہ نہیں۔جس پہاڑی بستی کے لوگوں کو پینے کا پانی، چلنے کا راستہ، اندھیرے میں روشنی اور بچوں کی تعلیم کیلئے مدرسہ میسر نہ ہو اُس کیلئے شاعر نے کیا خوب کہا ہے "جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی۔ اُس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو" کبھی کسی موسم میں پہاڑی مٹی بھی ذرخیز ہوتی ہے۔قبل اِس کے انجہانی ڈی۔ڈی۔ٹھاکور کی پیدائش اِسی پہاڑی خطۂ ارض سے ہوئی تھی۔ جنہوں نے اپنی زندگی کو غریب عوام کیلئے وقف کردی تھی۔اُن کے فرزند اولے ٹی ایس ٹھاکور نے بحیثیت چیف جسٹس آف انڈیا رہبر قانون اپنے فرائض انجام دیئے ہیں۔اور اپنی پوگلی مادری زبان کا خیال رکھا ہے۔حال ہی میں پوگل کے ہی ایک نونہال نام فیروز بن ظفر خان کو نسوائی یوتھ صدر انڈیا بنایا گیا ہے۔یہ کس کو علم تھا کہ یہ پہاڑی پوگل پرستان کا طالب علم مُلکی لیول تک جوانوں کی قیادت کرے گا۔غلام نبی آزاد بھی اسی ضلع ڈوڈہ کے پہاڑی علاقہ سوتی گاؤں کا رہنے والا ہے جس نے ریاست جموں وکشمیر کی قیادت (چیف منسٹر) کے علاوہ آج بھی مُلک بھر کی حزب مخالف تعمیری نمائندگی بطریقہ آحسن انجام دے دیئے ہیں۔اُن کے اچھے کام کرنے پر لوگ نیک دُعاؤں سے یاد کرتے ہیں۔یقیناً آج مُلک کی راجدھانی تک ہمارے نمائندے اپنے کنبہ کے علاوہ ایوانوں میں بھی پوگلی زبان بولتے ہیں۔اور زبان ادب کا خیال رکھے ہوئے حُب الوطن بھارت دیش کے تحفظ کے خواہاں ہیں۔خدا کرے ہمارے وطن کو ترقی وخوشحالی نصیب ہو اور مہاماری کرونا وائرس کووِڈ-90 سے نجات حاصل ہو۔

مرحوم محمد رمضان کٹوچ (ریٹائرڈ اُستاد پانچل)

مرحوم محمد رمضان کٹوچ ولد عبداللہ کٹوچ لُہال پانچل موجودہ تحصیل پوگل پرستان پیدا ہوئے۔ 1959ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا وہ نہائت سادہ لوح فرض شناس دیانت دار اور محنتی اُستاد تھے۔ گریجویشن اُستاد بھرتی ہونے کے بعد پرائیویٹ پاس کی۔ وہ بی اے بی ایڈ قابل ترین اُستاد تھے۔ ریٹائر ہو کر نماز ے پابند اور اکثر جامع مسجد کی اِمامت بھی کرتے رہے۔ درس وتدریس میں نہائت محنت اور حکمت عملی سے بچوں کو سمجھاتے تھے۔ اکثر معصوم اور ابتدائی جماعت کے طلباً کو اپنی مادری زبان پوگلی میں درس کے علاوہ ہدایات کی تعلیم دیتے تھے۔ وہ مصنف کے ساتھی تھے۔ طالب علمی کے دور سے ریٹائرمنٹ تک شرافت، ہمدردی سے ملتے رہے۔ اُن کے بڑے فرزند فرید احمد E.P.Ed دوکانداری کا کام کرتے ہیں۔ مجید اور صغیر بھائی مدارس ہیں مرحوم کے بھتیجے بشیر اور شریف بھی اُن کی سرپرستی میں آج عیالدار اچھی حالت میں ہیں۔ کیونکہ وہ بچپن میں یتیم ہو گئے تھے۔ مصنف اِس خاندان کے نو جوانوں سے مخاطب ہوں کہ وہ مرحومین بزرگان کنبہ کے حق میں دُعا کرتے رہیں۔ مرحوم کے دو فرزندان مدارس ہیں بڑا فرزند فرید احمد کٹوچ کاروباری دوکاندار ہے۔ مرحوم کا خاندان شریف عزت دار ہے۔

مرحوم محمد ابراہیم سوہل پوس نوغ پانچل

محمد ابراہیم سوہل غلام رسول (رُسل سوہل کے گھر واقع یوس نوغ پانچل پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم پرائمری تک مرحوم ثناءاللہ شاہ (فقیر) سے حاصل کی چھٹی جماعت میں مڈل سکول پوگل داخل ہوئے۔ مڈل کا امتحان بورڈ پوگل سے پاس یا، میٹرک کا امتحان امتیازی نمبرات ے ساتھ پاس کیا۔ محکمہ تعلیم میں اُستاد بھرتی ہوئے۔ مرحوم کی پہلی بیوی سے صرف دولڑکیاں تھیں نکاح ثانی سے دو لڑکے دولڑکیاں ہیں۔ مرحوم انتہائی نیک طبعیت، سنجیدہ خصلت، صاف گو اُستاد تھے۔ سروس کا زیادہ عرصہ اُکھڑہال میں گذارا بہرحال اُستادوں کے من کی بات سب سُنتے ہیں لیکن لکھے پڑھے بھی عمل نہیں کرتے بہرحال اُن کا بھی وصال ہوگا جوان سُنی کرتے ہیں۔ مرحوم حج بیت اللہ کرے آئے تھے۔ مرحوم کے لڑکے مشتاق صاحب والطاف صاحب لیکچرار ہیں۔ اللہ نیک ہدائت دے۔ مصنف کے قریبی ہیں۔ مرحوم سوہل معمولی صحت نا سازی کی وجہ سے کمزور ہوئے۔ ہمسائیوں سے گفتگو کرتے ہوئے روح پرواز ہوگئی۔ دُنیاوی چاہت کی امانتیں چھوڑ گئے، اللہ مغفرت فرمائے۔ آمین

تحریک زبان واَدب اور تعلیم

(ڈینگ بھٹل)

ڈینگ بھٹل آج کا گُول گلاب گڑھ پوگل پرستان بلکہ ضلع ڈوڈہ کے پہاڑی علاقہ جات کشتواڑ کے راجواڑے کی حکومت میں رہے ہیں۔ یہاں پر دلائل دینے کی خاص ضرورت نہیں ہے۔ گول گلاب گڑھ (ڈینگ بھٹل) تحصیل ضلع اودھم پور کے ساتھ تھی۔ اب ضلع رام بن کے ساتھ ملائی گئی ہے۔ گویا زبان وادب کے حوالے سے یہ بھی اپنا کلچر وادب کے حقدار ہیں۔ اِسی خوبصورت پہاڑی علاقہ میں مختلف بولیوں کے شعراُ و مصنفین ہیں۔ سنگلدان گول زبان وادبی شوق رکھتے ہیں۔ مارچ 1962ء 1961ء جموں وکشمیر اسمبلی الیکشن ہوئے۔ حلقہ انتخاب رام بن کانگریس کے اُمیدوار اسداللہ میر پرجا سوشلسٹ کے اُمدوار ڈی ڈی ٹھاکور، پرجا پریشد کے اُمیدوار لبھو رام شاہ رام بن لڑے۔ کانگریس کے اُمیدوار اسداللہ میر چناوٴ جیت گئے۔ یہ ذیلدار نامی اچھے خاندان چریل بانہال کے ایم اے ایل بی اُس دور کے رہنما تھے۔ یہ ماہ نومبر 1961ء علاقائی دورے پر لوگوں کا شکریہ ادا کرنے اور حالات کا جائزہ لینے کیلئے پوگل تشریف لائے۔ اُن سے مشترکہ طور پر لوگوں نے صرف ایک ہی ڈیمانڈ کی مرحوم الف دین گنائی ماسٹر کو

مالیگام سے تبادلہ کیا گیا تھا اُسے واپس مالیگام لایا جائے۔ میر صاحب نے مسیج پر ہی
غلام محمد مختیار ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن جموں وکشمیر کو فی الفور الف دین ماسٹر کو واپس
آرڈر مالیگام کیا جائے۔ الٰہہ کا کرنا تھا کہ مصنف کی درخواست بھی مرحوم مختیار
صاحب کے ٹیبل پر تھی درخواست پر ہی آرڈر ٹرانسفر الف دین ماسٹر کا ہوا
۔ جولائی ۱۹۶۲ء مصنف آرڈر لیکر اشمار بڑا کُنڈ حلقہ سنگلدان بیسک ایکٹوٹی سول
سے ۱۴ مارچ ۱۹۶۲ء ماسٹر الف دین گنائی کو فارغ کیا۔ اُن کا چارج حاصل کیا۔
اِنتہائی مسرت کے ساتھ خود لوگوں سے الوداع ہوتے ہوئے نیک ہدایات نسبت
مدرسہ ورابطہ لواچکن طلباءَ دیتے رہے۔

مصنف نے مدرسے اور معاشرے کے ساتھ وہی دیانتداری کا طریقہ
اپنایا۔ ڈیوٹی کی پابندی اور بچوں کو پیار سے پڑھانے کا جذبہ مزید قریب آتا گیا
جبکہ پوگل سے دو دن کے پیدل سفر کے بعد کھر ولی دھرم کُنڈ عبور کرنا بنا پُل چِناب کو
دیکھ کر وحشت بھی ہوتی اور سفر درس وتدریس کیلئے مسرت بھی ہوتی۔ سبھی اِس سفر
کے ساتھی نذر محمد خان وعبدالمجید خان چملو اس بانہال دونوں نائب تحصیلدار ہوتے
جو ریٹائر ہو کر وفات پا گئے اللہ انہیں مغفرت کرے۔ مدرسہ کسی کے گھر میں تھا۔
مدرسے کی جگہ وتعمیرات عمارت (بلڈنگ) ہندو مسلم مزرگوں کے اِشتراک سے مکمل
کر کے چھ ماہ بغیر تنخواہ پوگل چھٹی پر آیا۔ تنخواہ بھی اسلیئے بند تھی کہ میں سوشلسٹ
پارٹی کا ورکر علاقائی نمائندے ڈی۔ ڈی۔ ٹھاکور کے ساتھ تھا۔ بہر حال خالق

قدرت نے پہاڑی کوہستانی مٹی کو بھی زرخیز پیدا کیا ہے۔ میرے ڈپٹی ڈائریکٹر اُس وقت مرحوم جناب غلام رسول آزاد صاحب نے سرینگر جاتے ہوئے میری کارکردگی پر ٹی ای او بانہال عبدالاحد سے نقدی تنخواہ دلوائی چونکہ آزاد صاحب مجھے طالب علمی کے دور سے جانتے تھے۔ جبکہ وہ بحیثیت ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز ڈوڈہ سے آکر پوگل ٹیسٹ لیا کرتے تھے۔ مرحوم غلام رسول آزاد عبدالعزیز بٹ دونوں بھلیس کے رہنے والے تھے۔ ڈسٹرکٹ ڈوڈہ سے انگلینڈ ڈِبیٹر رِٹرن تھے۔ اللہ مرحومین کو عالم برزخ میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

چونکہ موزوں تحریک ابان وادب پر ڈینگ بھٹل کے حالات کے ساتھ ساتھ اُن بزرگوں کا بھی مختصر ذکر کیا جائے جو اُس ان پڑھتا دور میں بھی ہندو مسلم بھائی چارہ ادب واحترام، امن وشانتی کے چاہنے والے تھے۔ ۲۹۶۵ء میں نا مصائب حالات کے پیش نظر سیول ملازمین میں اچانک واحد میں ہی چناب کے پار پھنس گیا۔ بہر حال اُسی سال پُل دھرم کُنڈ کا کام چالو تھا۔ تحصیلدار شری شیر سنگھ کو ایمرجنسی آفیسر مقرر کیا گیا تھا۔ چونکہ گول سے بھاگتا ہوا اپنا سامان چھوڑ کر دھرم کُنڈ آگئے تھے۔ مصنف نے بڑے کُنڈ سے دھرم کُنڈ تک دو دن قبل باندھا ہوا مال مویشی زمینداران کا ہمت اور حکمت عملی سے کھول دیا۔ دھرم کُنڈ میرے سول کے بچے اور والدین خوف کی وجہ سے بھاگ آئے تھے مجھے پیشوائی آکر دعا سلام کے بعد میرے احسان مند ہوئے کہ بھوکا پیا سامال اُن کا کھول دیا تھا۔ چند میرے پوگلی

جو ،کٹر منجہ اور ہڑوگ میں بستے تھے۔ اُن کی مستورات پوگلی بھاشا میں بات کرتے ہوئے آنسو بہانے لگیں چند گھرانے جو سراز راجگڑھ سے ہجرت یافتہ تھے اُنہوں نے بھی سرازی ، پوگلی بولیوں میں اپنی اپنی بات بھوکے پیاسے بچوں کی دہرائی میری آنکھیں بھی پُرنم تھیں۔ کیونکہ اُنہیں اگلے دو دن سے کھانے پینے کا سامان نہ تھا۔ بہر حال مصنف کی ایمرجنسی آفیسر نے پولیس گاڑی میں ڈاک فائل لیکر رام بن بھیجا۔ رام بن سے اپنے متعلقہ آفیسر TEO بانہال کو اطلاع یابی کیلئے چلا گیا۔ جبکہ رام بن دھرم کُنڈ میل 11 جناب اشواہ متر DIG نے دوسرے دن میٹنگ دھرم کُنڈ حاضر آنے کا حکم کیا تھا۔

مصنف رات کو بانہال چلا گیا۔ اپنے آفیسر کے ساتھ کچھ روز ورد کلام ہوا ۔صبح مرحوم محمد ایوب خان منسٹر سرینگر سے بانہال آئے اپنی گاڑی کو تیل ڈلوا رہے تھے نظر پڑی بُلا لیا۔ سلام کے بعد حالات کے متعلق کلام ہوئے ۔ مصنف نے نیتا خان صاحب کو لوگوں کے فاقہ کشی اور تین دن کی مصیبت سے آگاہ کیا۔ مرحوم خان صاحب نے اپنی گاڑی پر بٹھایا راشن گندم گاڑیاں جو کہ جموں سے آ رہی تھیں سیدھی دھرم کُنڈ کیلئے روانہ کرائیں ، مجھے دھرم کُنڈ راشن پرچی سپلائی کیلئے دو پٹواریوں اور دو ٹیچروں کے ساتھ رکھا۔ اور خاص ذمہ دار کی حیثیت سے رکھا۔ چونکہ چناب کے پار بھی لوگ فاقہ کشی کے شکار تھے ۔ اُن میں امن پسند سفید پوش نادار غریب بیوائیں تھیں ۔ ہم نے لکڑی کا دائرہ بنوایا اُس پر فری سیل گندم اُن لوگوں تک بھی

پہنچانے کی کوشش کی۔اب دھرم کُنڈ میں ہزاروں کی تعداد میں نفوس کوراشن اور دیگر سہولیات ، سیورٹی سہولیات بھی تسلی بخش تھیں۔ چونکہ پُل زیرِتعمیر تھا تمام راشن سکورٹی سامان کھرُولی سے ہی پار ہرتا تھا۔ہائی کمانڈ سے حکم ہوا بیگار کے طور پر راشن وسامان سپلائی ہیڈ لوڈ دھرم کُنڈ سے ماہوراور وہاں سے آگے بٹوت راجگڑھ، بانہال، پوگل پرستان، کھڑی، مہومنکت بھی سپلائی کرنا مطلوب تھا۔لوگوں کو کام پر لگایا گیا عرصہ غالباً چالیس دن یہی مصروفیات رہیں۔بہر حال امن شانتی آتی گئی لوگوں کو واپس اپنے گھروں کو جانا پڑا۔

ڈینگ بھٹل میں تعلیم کا فقدان تھا۔ یہاں پر مناسب ہوگا کہ اُن لوگوں کی یاد داشت بھی کی جائے جنہوں نے امن وشانتی، حب الوطنی، بھائی چارے ادب خلوص، احترام واتحاد میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔حلقہ سنگلدان میں پنچائت سرپنچ اصغر علی (ان پڑھ) کی قیادت میں محمد عبداللہ چندیل دلواہ، عبدالصمد شیخ ٹھٹھارکہ غلام محمد خان، رام سرن برس، ملسارام چیئرمین مہاکُنڈ۔عبدالرحیم بٹ بڑاکُنڈ تھے۔ایشر داس فوجی بدن شالہ دھرم کُنڈ، شونکا ٹھکر اشمار، روپ چند وکانشی رام سرن ٹھکر نہوں بالی نمبر دار بڑاکُنڈ احد بٹ چوکیدار سنگلدان، پرس رام نمبر دار مولکوٹ عبدالعزیز گنائی، محمد سلطان ماگرے، اسداللہ ملک محمد شفیع گنائی سرنڈہ ٹھٹھارکہ نوجوانوں کے سرپرست محمد شفیع بٹ براکُنڈ جو عبدالرحیم بٹ کے بھتیجے سرگرم امن کمیٹی کے کارکن تھے۔ اِن کے علاوہ اور کئی نوجوان وبزرگ جمہوریت پسند امن وسلامتی کے کارکن تھے۔ عبدالرحیم بٹ ایک مثالی انسان دوست اور

صلح کن تھے۔ یہ اصل میں بجارنی ڈوڈہ سے ہجرت کر کے ااۓ تھے۔ محمد شان وغیرہ یہ بھی ہجرت کر کے قبل ایک صدی سے بڑا گُنڈ آئے تھے۔ عبدالرحیم بٹ کے والد محترم ابلا بٹ اور برادر حقیقی والہ بٹ ہمراہ محمد وگنائی پوگلی سرازی بھیڑ بکریاں ڈوڈہ سیراز سے ہی لیکر مہاجر تھے۔ اِبلا بٹ وفات پاگئے محمد گنائی نے اپنے دوست کے لڑکے عبدالمید بٹ کی دو شادیاں کروائیں۔ نکاح ثانی سے ہی اولاد ہوئی جن میں بڑے فرزندار جمند عبدالرحیم بٹ ہیں جو مصروف بٹ کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ اِن کے دو بھائی میڈیکل بی ایم، ااور سی ایم اور ریٹائرڈ ہیں۔ ڈاکٹر مجید بٹ کشتواڑ وجموں اِسی طرح ڈاکٹر فرید بٹ ڈوڈہ کے رہائش پذیر ہیں۔ ماسٹر مصروف بٹ کے فرزند شکیل الرحمان بٹ وُدختر ندواہ ادارہ سے ڈگری یافتہ ہیں۔ شکیل الرحمان عالم دین کے علاوہ ادارہ جماعت عربیہ کے چیئرمین ہیں۔ ریاست کے خطیب ومفتی ہیں۔ محمد شفیع بٹ صاحب کے فرزاندان لکھے پڑھے مدارس اور کاروباری ہیں۔ محمد حنیف بن شفیع بٹ سینئر ہیڈ ماسٹر کام کر رہے ہیں۔۔ مرحوم عبدالطیف سینئر لیکچرار ہیں، محمد رفیق بٹ ولد عبدالرحیم اور ان ے ہر دو فرزندان ٹیچر ہیں۔ گویاں جہاں مرحوم عبدالرحیم بٹ اکیلے ہی خواندہ تھے وہاں آج اُن کا سالم کنبہ عربی وعصری تعلیم سے فیضیاب ہیں۔ باقی اُن کے کنبہ کے نام سے محروم ہوں۔ اُن سبھی کے حق میں دُعائے خیر اُنکے بزرگان سیرازی اور پوگلی زبان مکیں خاص دلچسپی رکھتے تھے۔ ان ے علاوہ جودھرام کٹوچ کا کنبہ پوگل ہے۔ اِس کے علاوہ لہنوں نمبرار سرگباسی کا کنبہ پوگلیوں کے رشتہ دار دورَ جدید میں پوگلی بھاشا سے متاثر ہیں۔

مرحوم مولوی عبدالسبحان ملک ٹُھال

سابقہ اِمام مسجد تلہال پانچل

مولوی عبدالسبحان ولد اکبر ملک ٹُھال پانچل پوگل ۱۹۳۶ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ثناءُاللہ شاہ (فقیر) لائیر تلیلا سے حاصل کی فسٹ مڈل کا داخلہ مڈل سکول پوگل میں لیا۔ والدمحترم وفات پاگئے۔ یتیمی کی حالت میں بھی تعلیم کا سلسلہ نہ چھوڑا عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم بھی پڑھتے گئے۔ ساتویں جماعت میں سکول چھوڑ دیا۔ ان کے بزرگ چملواس سے ہجرت ہافتہ تھے۔ ٹُھال نانہ خندان کی وراثت پر مقیم رہے۔ آخر شادی حالہ نیل لسو ملک کی دختر کے ساتھ ہوئی۔ بڑی بہن جانہ بیگم کو بھی تہائی حصہ پر رکھا۔ یہ نہائت ہی نیک خاتون تھی۔ نماز گذار سخاوت پسند نیک سیرت خاتوُن ہونے کی وجہ سے پورے کنبے کی سربراہ تھیں۔ بہن بھائی کا آپسی پیار ومحبت ادب واحترام مثالی تھا۔ مولسی صاحب نے ۲۸ سال جامع مسجد کی امامت کا فریضہ انجام دیا۔ وہ پُرسکون امن پسند، طبیعت۔ صلاح کن ،۔ دیانت دار عالم دین تھے۔ مسلک کے دھندوں میں بہت کم دلچسپی لیتے تھے۔ خالص دین کی دعوت قرآن پاک اور حدیث کے پیروکار رہتے۔ وہ کمبل سادہ ورنگین جوڑ کے کاریگر تھے۔ مصنف کے مشورے پر نالے کے ساتھ قبرستان

کے پیر میں محلّہ مسجد کی نشاندہی کرائی ماشاللہ آج محلّہ مسجد آباد ہے۔ مرحوم کے چاچا زاد بھائی محمد وملک، عزیز۔ احمد اللہ، عبداللہ، غلام نبی صمد وملک اور دوسرے کنبہ کے رحمان ملک بہت نیک طبیعت تھے۔ اُن کے غلام قادر ماسٹر ریٹائرڈ بہت خلیق فراخ دل اور دیانت دار اُستاد تھے۔ اُن کے دو ٹیچر ہیں اُنہیں پوگلی زبان وادب سے گہری دلچسپی ہے۔ اُن کے فرزندان چھ اور دختران غالباً دو ہیں۔ سب سے بڑا فرزند بشیر احمد پولیس آفیسر ریٹائر ہو کر آ گئے ہیں۔ ان کے دو فرزند ٹیچر ہیں ۲۰۱۸ء حج بیت اللہ سے ہو آئے ہیں۔ تین بھائی پولیس میں اور دو بھائی ٹیچر ہیں۔ غالباً اکثر مصنف کے شاگرد ہیں۔ باصلواۃ اور نیک خصلت کے حامی ہیں ۱۹۷۰ء سے مرحوم نے مدرسے کوتُلہال قام کیلئے بہت کام کیا۔ اور پوگلی زبان کے فروغ کیلئے نامصائب حالات میں ہندو مسلم ایکتا اور بھائی چارے کو قائم رکھنے کیلئے قابل تعریف کام کیا۔ مرحوم نے امن وشانتی۔ اتحاد۔ پیار ومحبت۔ انصاف کوتا وقت دم عزیز ترین جانا ہے۔ آخر ۱۹ مئی ۲۰۰۲ء کو صحت ناسازی پر پرنوت رام بن بھی قیام کیا۔ آخری ملاقات اُنکے ساتھ رام بن میں ہی ہوئی گویا اس فانی دُنیا سے ۸۲ سال کے بعد وفات پا گئے۔ عالم برزخ میں انہیں راحت نصیب ہو۔ آمین

فیروز خان نیشنل یوتھ صدر ہند

فیروز خان ولد ثفر خان کنبہ غلام قادر خان ۲۱ مارچ ۱۹۸۹ء بمقام پوگل تولد ہوئے پرائمری و مڈل کی تعلیم نزدیکی مدرسہ میں حاصل کی۔ ان کے پردادا جنگل ٹھیکیداری کا کام کرتے تھے۔ اور والد محترم جونیئر انجینئر تھے۔ پوگل کے علاوہ میترہ رام بن میں بھی رہائش رکھتے ہیں۔ یہ قبل از بھی تحریر کیا گیا ہے کہ پوگل پرستان بلکہ ضلع رام بن کے اکثر لوگ کش قبیلے کے ہجرت یافتہ ہیں۔ جو جنگجو بہادر اور غیرت مند ہیں۔ کٹوچ، بالی سوہل، باورے، ملک، رونیال وغیرہ پوگلی میں ''کھکھ'' کشمیری میں ''کھاہ'' اصل میں کش قبائل ہیں۔ یہ باورے کے بعد ریونیو ریکارڈ میں ''بوہرو'' ہیں۔ چونکہ ان کے جد کاروباری ایگریمنٹ دیگر دستاویز ریکارڈ میں خان لکھے گئے ہیں۔ اب بدستور خان ہیں۔ اُس دور کے راجواڑے پوگل نے ''پُگلی استان'' کا قطعہ ارض باورے خاندان کو ہی عنائت کیا ہے۔ فیروز خان نے بی ایس سی اور بی اے ایل ایل بی جموں یونیورسٹی سے پاس کیا ہے اور ایم اے پولیٹکل ڈیوٹیز ایجوکیشن بھی جموں سے حاصل کیا ہے۔ Diploma in Human Rights duties Education from jammu اِن کا کنبہ

اقارب ورشتہ داران پوگلی زبان وادب سے خاص تعلق رکھتے ہیں۔ بڑوں کے ساتھ اکثر پوگلی میں ہی دربار پسند کرتے ہیں۔ فیروز خان ۱۵ دسمبر ۲۰۱۲ء یوتھ نیشنل سیکرٹری بنائے گئے اور اُتر پردیش کے انچارج بھی بنائے گئے۔ ۱۸ فروری ۲۰۱۴ء اور ۲۹ مارچ ۲۰۱۶ء اوڑیسہ اور جھارکھنڈ یوتھ نیشنل کے سربراہ بنے۔ بقول محمد اقبال کٹوچ سابقہ صدر پنچائت یونین بلاک رام سو فیروز خان خوش قسمتی سے ۱۲ جون ۲۰۱۷ء نیشنل سٹوڈینٹ یونین کے صدر ہند بنائے گئے ہیں۔ یہ ذہین بُردبار، سنجیدہ، خلیق، دُور اندیش اور سماجی رہنمائی کا جذبہ رکھنے والے نوجوان ظاہر ہیں۔ ریاست جموں وکشمیر کے اضلاع میں ضلع رام بن خصوصاً پوگل پرستان تعمیر وترقی کے لحاظ سے بہت ہی پچھڑے پن کا شکار رہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ فیلڈ آفیسران نے لوکل ہونے کے باوجود بھی پینے کے پانی سے لوگوں اور مساجد محلّہ کو محروم رکھا ہے۔ آیئے ہم سب مل کر دعا کریں کہ فیروز خان نہ صرف یوتھ نیشنل بلکہ پورے ملک بھارت دیش کی جناب غلام نبی آزاد کے مساوی تاریخی وتعمیری رہنما ثابت ہوں بشرطیکہ کسی قسم کے تعصب پر ارادے ہوں۔ آنریبل لال سنگھ چوہدری نے ممبر پارلیمنٹ ہند کی کامیابی ہونے پر بمقام اُکھڑہال خطاب میں وعدہ کیا تھا کہ میں ریڈیو، دُوردرشن دلی سے ''پوگلی زبان'' کی نشریاتی منظوری دلواؤں گا جناب ٹی ایس ٹھاکور کی توجہ بھی پوگلی زبانکی نشریاتی منظوری کیلئے ہے۔ نوجوان طبقہ نہ صرف کھیل بلکہ سنگیت کا بھی خواہشمند ہے۔ ریٹائر چیف جسٹس آنریبل ٹی ایس ٹھاکور کی نوٹس میں پوگلی بولی کو درجہ دلوانے کی جدوجہد سے باخبر کیا گیا ہے۔

مرحوم الف دین کٹوچ سابقہ چیئرمین پوگل

مرحوم الف دین کٹوچ جون ۱۹۳۲ء بخانہ محمد رمضان کٹوچ بمقام پوگل تولد ہوئے تھے۔ اُس زمانے میں راجاؤں کی سرکاریں گھومتا پھرتا ایک چھوٹا پرائمری سطح کا تعلیمی مدرسہ کھوڑہال میں تھا۔ رہائش سے دُور اور درمیانی کٹھن مسافت کی وجہ سے صرف پرائمری تک تعلیم حاصل کر سکے۔ مرحوم کے والد محمد رمضان کٹوچ باغیرت، جفاکش زمیندار اور مالدار تھے۔۔ کسی تعمیری پہلو میں سماج کو آمادہ کرنے کے ماہر تھے۔ اور اُس کام کو پایہ تکمیل تک لے جانے کے عادی تھے۔ اُن کے فرزند ارجمند نے ۱۹۴۷ء کے بعد ہوش سنبھالا، کاروبار ٹھیکیداری فرموں کے ساتھ کرنے لگے۔ وہ ااپنے کنبہ کیلوگوں بلکہ پورے پوگل پرستان نیل سوجمتنہ، کھڑی، بانہال، رام بن میں مادری بھاشا ''پوگلی'' میں گفت وشنیہد کر کے مسائل طے کرتے تھے۔۔ اُن میں خلوص مدبرانہ کلام، مزدور وغریب طبقہ کے ساتھ تھا۔ اِسی لئے ۱۹۶۱ء میں پہلی مرتبہ چند حریف اُمیدوار دیہات سُدھار سرپنچ کے الیکشن میں بڑی جدوجہد کے بعد رام سوجا کر چناؤ جیت گئے۔ وہ کئی مرتبہ سرپنچ اور جوڈیشل چیئرمین کا کام سرانجام دینے کے باوٴجود اُس

زمانے کے کانگریسی علاقائی رہنمائی میں سرفہرست رہے۔ اور جموں راجندر بازار میں ہوٹل منیجمنٹ کا کام بھی ہاتھ میں لیا تھا۔ اِس طرح اُنکی معلومات حکومت اور شخصیات کے ساتھ وسیع تر ہوتے گئے۔ اپنے حقیقی کنبہ کے افراد کو تعلیم سے آراستہ کروایا۔ جو آج ملازمت سے سبکدوش ہیں۔ نیشنل ازم اُن کا خاص اعتقاد رہا۔ اسد اللہ میر منسٹر وسپیکر جموں وکشمیر اور دیگر خاص شخصیات ریاستجموں وکشمیر کے قریب رہے۔ سماجی خوشی وغمی، دُکھ درد میں ڈھارس بندھنے کے ماہر و ہمدرد تھے۔ نورہ میں خصوصاً تعلیمی مدرسہ گرلز، پانی اور بجلی جیسی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کی رہنمائی انجام دی۔ جموں خاص نا مصائب حالات کے پیش نظر بہادری اور جوانمردی، خلوص وحکمت عملی سے امن پسند رہنماؤں کے ساتھی بنکر رہے۔ آخر میں نماز، سخاوت، تلاوت قرآن پاک کے سخت پابند رہے۔ اپنی خاص کوتاہی کو تسلیم کرنا اُن کا خاصا تھا اُس پر توجہ دیتے رہے۔ پوگل میں ۱۹۸۹ء کے بعد اپنے ہمسایہ گیری میں چند تخریب کار اتحاد میں رخنہ ڈالنے والوں کی وجہ سے آنسوں بہاتے ہوئے آپسی اتفاق و بھائی چارے اور وطن پرستی پر ہدائت دے گئے۔ آخر موت برحق ہے۔ ۱۴ مارچ غالباً نو بجے صبح مصنف کے ساتھ بخانہ خود نورہ ملاقات ہوئی۔ تیسرے دِن رام بن آنے کو کہا ۱۵ مارچ ۲۰۰۵ء طبعیت نا ساز ہوئی ۱۶ مارچ ۲۰۰۵ء پانچ بجے صبح ۹۵ سال کی عمر میں موت کے فرشتے روح کی امانت لے گئے۔ مصنف کو رام بن سے آخری دم پر ملاقات نصیب ہوئی پیشانی پر پسینہ شبنم کی طرح گہری نیند سو گئے تھے۔ اِنا لِلہ وانا اَللہ راجعونَ

مرحوم مولوی محمد یوسف کٹوچ سابقہ اِمام مسجد نورہ

یوم وسن پیدائش ۸ نومبر ۱۹۲۶ء مولوی محمد یوسف کٹوچ بن غلام رسول کٹوچ مرا آباد اپر نورہ پوگل تولد ہوئے والدین کا اولاد نرینہ اکیلا ہی تھا۔ پرائمری سکول پوگل پانچویں جماعت کا امتحان پاس کیا اور ساتھ ساتھ ہی عربی تعلیم مقامی مولوی جو مولانا احمد اللہ بالی کے شاگرد تھے۔ حاصل کرتا رہا۔ باپ کا سایہ لڑکپن میں ہی اُٹھ جانے کے بعد بے یار ومددگار درس چھوڑ دیا۔ کم سنی میں ہی ان کے والد کی بوہرہ خاندان کی نیک سیرت اور سنجیدہ خاتون کے ساتھ شادی کرائی گئی تھی۔ یتیمی حالات میں محمد یوسف کی شادی بھی چھوٹی عمر میں غالباً سترہ برس کی عمر میں ہوئی اُن کی اہلیہ بٹ خاندان سے نہائت نئیک طبیعت اور باصلواۃ تھی۔ اُن کے بطن سے چھ لڑکے اور دو لڑکیاں تولد ہوئیں۔ سب سے بڑے فرزند محمد حسین جو ملازمت سب انسپکٹر سبکدوش ہوئے۔ نہائت ہی نرم دل اور با اخلاق دُور اندیش ہیں۔ ان کے برادران صغیر مختلف محکمہ جات میں ملازم ہیں۔ یہ سب والدین کی نیک دعاؤں کا اثر ہے۔ مولوی محمد یوسف نہ صرف دیانتدار بلکہ خوش اخلاق، انصاف پسند نیک دل، کم گو اور صابر تھے۔ دین کے بزرگوں کا نہائت کُشادہ دل سے ادب واحترام کرتے تھے۔ اکثر اُن کی ہدایات ومشورے پر عمل کرتے تھے۔ جو دین کا خاص حصہ ہے۔ آخر دم تک ہمسائیوں، رشتہ داروں بلکہ سماج کے افراد کو نیکی کا درس دیتے رہے۔ مادری زبان پوگلی میں ہی واعظ وتبلیغ کرتے تھے۔ اپنی جسمانی ہمت آخر تک قائم رہی۔ دُنیا فانی ہے موت کا جام نوش کرنا وعدہ ہے۔ اچانک رات کے پچھلے پہر ۱۲ مارچ ۲۰۱۳ء اِس دارِ فانی سے رخصت ہوئے۔ رام بن میترہ کُھلہٹر میں سُپرد ِخاک ہوئے۔ اللہ جوارِ رحمت میں مقام عطا کرے۔ آمین

بِداده (آزاداثرؔی)

ہنگہ منگیئے تیوں رُشتمتہ چھَن رکنیژہ نہ لگپھن، اُنا پتہ
اِتی وا اُتکری اِہرہ نہ یے چھایئے کُت ثناگس گے خطا
زِلیتے چھس آوں ڈاس گس چھم زندگی سنیاں گیگر منز
بند بادرے ہر دہ سونتہ ہر وقتہ چھم ییٔ سزا
کور ثنا تیتاہ قسمت آحتہ پتہ اُحتا یئے شہلِل لیوہیم
پییئے گسہی پنُ دِل قرارُس مل گہی پاُنس شفا
ژندر سنا پاژھہِ شائیرن سیئت دھوں چھوٗ آزاد ہر جگہ
ہلہ کیلاہ لیگی گرانڑ وتہ منز مِل رگس پانیئے دوا

پرگرڑوٗپشتم (لہجہ ٹھکر)

دَل تینُ ڈقُتم جوانمتوٗ دلے ما
